آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.pk
MEMBER OF APNS & CPNE
جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 10 دسمبر 2020ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 336

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	5:50
ظہر	1:20
عصر	4:10
مغرب	غروب آفتاب (05:45)
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:00

وزیر اعلیٰ کے زیر صدارت اجلاس 105 ترجیحاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

وزیر اعلیٰ کا ترقیاتی منصوبوں کی منظوری سے متعلق پی ڈی ڈبلیو پی اجلاس کے انعقاد میں غیر ضروری تاخیر پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار، اسکیمات جلد مکمل کرنے کی ہدایت

صوبہ بھر میں منشیات کے عادی افراد کا ڈیٹا اکٹھا کرکے ان کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھانے، نئے ترقیاتی منصوبوں میں خصوصی افراد کے لیے سہولیات کی فراہمی کو مدنظر رکھتے ہوئے سکیمات تیار کرنے کی ہدایت

ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ کا ترقیاتی منصوبوں کی منظوری سے متعلق پی ڈی ڈبلیو پی اجلاس کے انعقاد میں غیر ضروری تاخیر اور عرصہ دراز سے جاری پرانی اسکیمات کی عدم تکمیل پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقدہ ترقیاتی امور کے جائزہ اجلاس میں رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں شامل محکمہ خوراک، جنگلات و جنگلی حیات، بہبود آبادی، پراسیکیوشن، مذہبی امور اور محکمہ سماجی بہبود کے جاری اور نئی ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکریٹری ونیش کمار، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالرحمن بزدار متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز سمیت اسپیشل سیکریٹری خزانہ، سیکریٹری اطلاعات و دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل جاری اور نئے منصوبوں کے علاوہ 105 ترجیحاتی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پی ایس ڈی پی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اپوزیشن تحریک انصاف جتنے بڑے جلسے نہیں کرسکتیں، وزیر اعظم

یہ استعفیٰ دیں گے تو ہم انتخابات کروا کر اور زیادہ مضبوط ہوں گے، حکومت کو بھیجنے کا آئینی طریقہ تحریک عدم اعتماد ہے، اپوزیشن تحریک عدم اعتماد پیش کرنا چاہتی ہے تو اسمبلی میں آجائے، وزیر اعظم

جو اپوزیشن لاک ڈاؤن نہ کرنے پر تنقید اور بھارت کی مثال دیا کرتی تھی وہ اب جلسے کررہی ہے، صحیح معنوں میں احتیاط نہ کی تو سردیاں گزارنا بہت مشکل ہوگا، کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنا ہماری پالیسی ہے

جب تک ہمارے ملک کی دولت نہیں بڑھے گی ہم ملک کے لوگوں کو غربت سے نہیں نکال سکتے، پاکستان کیلئے چین کا ماڈل اپنانا چاہتے ہیں ہم پوری طرح اپنی صنعتوں اور کاروباری برادری کی مدد دیں گے، عمران خان کا تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ایک بار پھر کہا ہے کہ اپوزیشن جلسوں کے علاوہ کیا کرسکتی ہے؟ پی ڈی ایم کی 11 جماعتیں مل کر بھی تحریک انصاف جتنے بڑے جلسے نہیں کرسکتیں، یہ استعفیٰ دیں گے تو ہم انتخابات کروا کر اور زیادہ مضبوط ہوں گے، حکومت کو بھیجنے کا آئینی طریقہ تحریک عدم اعتماد ہے، اپوزیشن تحریک عدم اعتماد پیش کرنا چاہتی ہے تو اسمبلی میں آجائے۔ صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ اپوزیشن جلسوں کے علاوہ کیا کرسکتی ہے، پی ڈی ایم کی 11 جماعتیں مل کر بھی تحریک انصاف جتنے بڑے جلسے نہیں کرسکتیں، مجھے سمجھ نہیں آرہی یہ کرنا کیا چاہتے ہیں، یہ استعفیٰ دیں گے تو ہم انتخابات کروا کر اور زیادہ مضبوط ہوں گے، حکومت کو بھیجنے کا آئینی طریقہ تحریک عدم اعتماد ہے، اپوزیشن تحریک عدم اعتماد پیش کرنا چاہتی ہے تو اسمبلی میں آ بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس، ملک بھر میں 60 افراد جاں بحق، 2963 کیسز رپورٹ ہوئے

گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں 38 ہزار 092 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، جس کے بعد مجموعی ٹیسٹس کی تعداد 58 لاکھ 65 ہزار 944 ہوگئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 60 افراد جاں بحق ہوگئے، مزید 2963 کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں 38 ہزار 092 کورونا ٹیسٹ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

اختر حسین لانگو نے اپنا استعفیٰ پارٹی سربراہ سردار اختر جان مینگل کو ارسال کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن و پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین میر اختر حسین لانگو نے بلوچستان اسمبلی بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

صوبائی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کی خبر درست ہے، نواب رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اسمبلی رکنیت سے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ میں موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ میں موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان ہائی کورٹ میں 2 جنوری 2021 سے 20 فروری بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات کو عہدے سے ہٹادیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ بدھ کو چیف سیکرٹری بلوچستان بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ورلڈ بینک نے پاکستان کے لیے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی

نیویارک (این این آئی) ورلڈ بینک نے پاکستان کے لیے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی۔ ورلڈ بینک کی جانب سے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمان اور مریم نواز جو چاہتے ہیں وہ نہیں ہوگا، وفاقی وزیر فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان اور مریم نواز جو چاہتے ہیں بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن کے زیر صدارت اجلاس، پی ڈی ایم کے مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر اہم اجلاس بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

شوکت عزیز صدیقی کی ریٹائرمنٹ سے قبل کیس کا فیصلہ دے دیں گے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے شوکت عزیز صدیقی کی بطور جج اسلام آباد ہائیکورٹ برطرفی کے خلاف دائر درخواست بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بی ایچ آئی ایک خودمختار ادارے کے طور پر طبی خدمات کی فراہمی پر مامور ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

محکمہ صحت اس کو اپنے ہی ڈیپارٹمنٹ کا حصہ سمجھتا ہے اور تمام تر تعاون کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ شہری علاقوں سمیت دیہی سطح پر عوام کو صحت کی معیاری اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے پی پی ایچ آئی اور نیوٹریشن پروگرام فرنچی رابطہ کاری کے عمل کو فعال کریں تاکہ صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سرمایہ کاری پالیسی بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی اولین ترجیح ہے، فرمان زرکون

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کی جانب راغب کرنے اور تمام سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام یورپی یونین کے پبلک فنانس مینجمنٹ کے اشتراک سے بلوچستان کی پہلی سرمایہ کاری پالیسی کے ڈرافٹ سے متعلق مشاورتی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں اسماعیل ستار سمیت مختلف محکموں کے سیکرٹریوں نے بھی بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

سیالکوٹ: وزیر اعظم عمران خان نئے ایئر سیال ایئرلائن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری بڑی تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے، وزارت آئی ٹی تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر چل رہی ہے، وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری بڑی تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق کی زیر صدارت وزیر اعظم کی ٹاسک فورس برائے آئی ٹی و ٹیلی کام کا انعقاد ہوا جس میں سیکرٹری آئی ٹی شعیب احمد صدیقی، چیئرمین پاکستان سافٹ ویئر ہاؤس ایسوسی ایشن برکان بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

پی ڈی ایم سربراہ اجلاس، لیگی اراکین اسمبلی کی جانب سے قیادت کو استعفے جمع کرانے میں تیزی، کئی اراکین مستعفی ہونے کے طریقہ کار سے لاعلم نکلے

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم کے سربراہ اجلاس میں کئے گئے فیصلے کے بعد مسلم لیگ (ن) کے اراکین اسمبلی کی جانب سے اپنے استعفے قیادت کو جمع کرانے میں تیزی آگئی، بعض اراکین مستعفی ہونے کے طریقہ کار سے ہی لاعلم نکلے۔ اراکین قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ، محمد بشیر ورک، اراکین صوبائی اسمبلی عظمیٰ بخاری، سمیع اللہ خان، صہیب احمد بھرت، راحیلہ بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اگر قرضوں پر سود نہ دینا ہوتا تو ہمارے پاس وافر پیسہ ہوتا، شہباز گل

ستمبر میں ایکسپورٹ گروتھ سات فیصد ہے جو انڈیا اور بنگلہ دیش سے زیادہ ہے، معاون خصوصی

لوگ استعفے دیں وہاں ضمنی انتخابات ہوں گے، وزیر اعظم عمران خان استعفوں سے اور بھی پر اعتماد ہوں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ شہباز گل نے کہا ہے کہ اگر قرضوں کی قسطوں پر سود نہ دینا ہوتا تو ہمارے پاس وافر پیسہ ہوتا۔ وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ شہباز گل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ستمبر میں ایکسپورٹ گروتھ سات فیصد ہے جو انڈیا اور بنگلہ دیش سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لیڈر مذہب اور پاکستان کی بات ڈنکے کی چوٹ پر کرتے ہیں، ہم نے قرضے اس وجہ سے لیے تاکہ ان کے لیے گئے قرضوں کی قسطیں بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاک بحریہ نے ہنگور ڈے کے موقع پر خصوصی پرومو جاری کردیا

بحری معرکوں میں پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور کا یہ کارنامہ ہمارے دشمنوں کو کبھی نہ بھولے گا، ترجمان پاک بحریہ

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے ہنگور ڈے کے موقع پر خصوصی پرومو جاری کردیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پرومو میں شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور کی دشمن کے خلاف لازوال کامیابی کو اجاگر کیا بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بھارت پلوامہ ڈرامہ کی طرز پر ایکشن کی تیاری میں مصروف، مسلح افواج ہائی الرٹ

ہندوستانیوں سے حقائق مت چھپاؤ، بھارت نے کارگل سے حاصل سبق کو بھلا دیا اور کارگل میں حقائق چھپائے تھے، بھارتی میڈیا بھی بول اٹھا

2016 میں بھی ہندوستان نے ناکام سرجیکل اسٹرائیکس کا دعویٰ کیا تھا، 26 فروری 2019 کو بھی بھارت نے ایک ایسے ہی ناکام آپریشن کی کوشش کی تھی

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کسی بھی وقت اپنے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے پلوامہ ڈرامہ کی طرز پر لائن آف کنٹرول اور ورکنگ باؤنڈری پر کسی ایکشن کی تیاری میں مصروف ہے، جس کے بعد مسلح افواج کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق لداخ اور دوکلم میں ہزیمت کے بعد مودی سرکار اندرونی اور بیرونی دباؤ کا شکار ہے، جس کے بعد بھارت ایک بار پھر خطے کے امن کو تباہ کرنے کیلئے سرگرم ہو گیا ہے، بھارت اقلیتوں کے ساتھ ناروا سلوک، کسانوں کے احتجاج، مقبوضہ کشمیر میں بڑھتے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بھارتی فوجیوں نے پلوامہ میں تین کشمیری نوجوان شہید کردیئے

کشمیری عوام کو حق خودارادیت سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی ہے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے ورکنگ وائس چیئرمین غلام احمد گلزار نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ علاقے میں جاری بھارتی ریاستی دہشت گردی اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق غلام احمد گلزار نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ قابض بھارتی فورسز نے مقبوضہ کشمیر کے عوام پر ظلم و ستم کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ حریت رہنما نے کہا کہ کشمیریوں کو ان کے حق خودارادیت سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی سب سے بڑی خلاف بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

عوام کی خدمت کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، وزیر داخلہ بلوچستان

پی ڈی ایم اے بلوچستان کو مزید فعال بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، عوام کو بروقت سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف محکمے کا وقار بلند ہوگا

غیر یقینی موسمی حالات و قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے پی ڈی ایم اے کا کردار ہمیشہ سے اہم رہا ہے، جس میں وقت کے ساتھ ساتھ مزید بہتری لائی جارہی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اے بلوچستان کو مزید فعال بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، غیر یقینی موسمی حالات و قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے پی ڈی ایم اے کا کردار ہمیشہ سے اہم رہا ہے جس میں وقت کے ساتھ ساتھ مزید بہتری لائی جارہی ہے ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جدید مشینری کے استعمال سے ادارے کے استعداد کار میں اضافہ کیا جاسکے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ڈی ایم اے کے دورے کے دوران کیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون نے صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء لانگو کو محکمے کے کام و اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی و جدید مشینری کے استعمال سے محکمے کی استعداد کار میں واضح اضافہ دیکھا جاسکے گا۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا کہ پی ڈی ایم اے افسران سمیت تمام عملے کو کسی بھی قدرتی آفت اور غیر یقینی موسمی صورتحال بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

آئینی طور پر اپوزیشن کے استعفوں سے اسمبلی کو کوئی فرق نہیں پڑیگا، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

پی ڈی ایم کے استعفوں کے اعلان سے خوش نہیں، اپوزیشن جماعتوں کو چاہیے وہ ایوان میں آکر عوامی مسائل حل کریں

بلوچستان اسمبلی کے ارکان کے استعفیٰ آئے تو انہیں ابتدائی طور پر قبول نہیں اور بعد میں قانون کے مطابق فیصلہ کروں گا، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ اپوزیشن پارلیمنٹ کا حسن ہے پی ڈی ایم کے استعفوں کے اعلان سے خوش نہیں، اپوزیشن جماعتوں کو چاہیے کہ وہ ایوان میں آکر عوامی مسائل حل کریں، بلوچستان اسمبلی کے ارکان کے استعفے آئے تو انہیں ابتدائی طور پر قبول نہیں اور بعد میں قانون کے مطابق فیصلہ کروں گا ملک کے وسیع تر مفاد اور معاشی صورتحال کو دیکھتے ہوئے ملک نئے انتخابات کا متحمل نہیں ہوسکتا جمہوری روایات کا تقاضہ ہے کہ منتخب حکومت پانچ سال مکمل کرے، یہ بات انہوں نے بدھ کو این این آئی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ اپوزیشن نے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے انہیں چاہیے کہ وہ ملکی حالات کو مدنظر رکھیں اور یہ بھی سوچیں کہ آیا استعفے مسئلے کا حل ہیں اور کیا ملکی صورتحال اور معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک نئے انتخابات کا متحمل ہوسکتا ہے یا نہیں، انہوں نے کہا کہ اگرچہ اپوزیشن نے استعفیٰ دے دیئے ہیں لیکن ان کے پاس اکثریت نہیں بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ضمنی انتخابات کا دعویٰ کرنا غیر حقیقی ہے، رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع

صوبائی اسمبلی سے استعفیٰ دینے کے لئے صوبائی پارلیمانی لیڈر کو ٹاسک دے دیا ہے

قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے 300 سے زائد حلقوں میں بیک وقت انتخابات کروانا ناممکن ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے ارکان قومی اسمبلی نے آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع کے وقت سے اپنا استعفیٰ پارٹی قائد کے پاس جمع کروادیا ہے، صوبائی اسمبلی سے استعفیٰ دینے اور انہیں مرکزی جماعت تک پہنچانے کے لئے صوبائی پارلیمانی لیڈر کو ٹاسک دے دیا ہے حکومت پاکستان اور عوام کا خیال کرتے ہوئے پر امن طور پر مستعفی ہوجائے، عمران خان فیصلہ کریں کہ انہوں نے زبردستی بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

میں امریکی نومنتخب صدر بائیڈن کی ڈرٹی منی کو ٹارگٹ کرنے کی مجوزہ پالیسی کی حمایت کرتا ہوں، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ میں امریکی نومنتخب صدر بائیڈن کی ڈرٹی منی کو ٹارگٹ کرنے کی مجوزہ پالیسی کی حمایت کرتا ہوں۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ میں امریکی نومنتخب صدر بائیڈن کی ڈرٹی منی کو ٹارگٹ کرنے کی مجوزہ پالیسی کی حمایت کرتا ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کی کرپٹ بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سعودی سفیر نواف بن سعید سے ملاقات کررہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت اجلاس، اسمبلیوں سے استعفوں سے متعلق حکمت عملی پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں اہم مشاورتی اجلاس ہوا جس میں سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، شیری رحمان، نیر بخاری، فرحت اللہ بابر، راجہ پرویز اشرف اور قمر زمان کائرہ نے شرکت کی مشاورتی اجلاس میں ملکی سیاسی صورت حال اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

سابقہ ادوار تحصیل مچھ میں کرپشن لوٹ مار کا بازار لگایا گیا ہے، سردار یار محمد رند

کروڑوں روپے کی عوامی ترقیاتی منصوبوں کو مبینہ طور پر اپنے حواریوں میں تقسیم کیا

سرکاری ملازمتوں میں ایک مخصوص طبقے کو ترجیحی بنیاد پر نوازا گیا جس کی وجہ سے غریب عوام دربدر ہو کر رہ گئی

مچھ (آن لائن) وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ سابقہ ادوار تحصیل مچھ میں کرپشن لوٹ مار کا بازار لگایا گیا ہے کروڑوں روپے کی عوامی ترقیاتی منصوبوں کو مبینہ طور پر اپنے حواریوں میں تقسیم کیا اور سرکاری ملازمتوں میں ایک مخصوص طبقے کو ترجیحی بنیاد پر نوازا گیا جس کی وجہ سے غریب عوام در بدر ہو کر رہ گئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ٹی آئی مچھ کے رہنما حاجی مولا بخش بلوچ کی رہائش گاہ پر کیا جبکہ انکے ہمراہ سردار لیاقت کرد سردار شیر باز خان ساتکزئی میر چنگیز کرد سردار زادہ میر حیات بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت پیش کر دیئے ہیں، شاہ محمود قریشی

کورونا عالمی وبائی چیلنج کے دوران مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی قابض افواج کا پر تشدد کارروائیوں کا تسلسل انتہائی قابل تشویش ہے، اجلاس میں گفتگو

کورونا وبا کے باعث معیشت کو درپیش مشکلات کو کم کرنے اور ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے معاشی سفارت کاری کو بروئے کار لارہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے واقعات میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت پیش کر دیئے ہیں۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں علاقائی سلامتی اور پاکستان کی ترجیحات کے حوالے سے مشاورتی اجلاس ہوا جس میں کرونا وبائی چیلنج، مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال، اور بھارتی یکطرفہ پالیسیوں کے باعث خطے کو درپیش چیلنجز کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشاورتی اجلاس میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، ڈی جی آئی ایس آئی اعلیٰ عسکری حکام و وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزیر خارجہ کا اجلاس میں کہنا تھا کرونا عالمی وبائی چیلنج کے دوران مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی قابض افواج کا پر تشدد کارروائیوں بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

اسمبلیوں سے استعفوں کا اعلان کارخیر ہے سب سے پہلے حصہ ڈالونگا، سکندر خان ایڈووکیٹ

پی ڈی ایم کی قیادت کے فیصلے پر من و عن عمل کریں گے، قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسمبلیوں سے استعفوں کا اعلان کار خیر ہے جس میں سب سے پہلے حصہ ڈالونگا، پی ڈی ایم کی قیادت کے فیصلے پر من و عن عمل کریں گے حکومت کچھ دن کی مہمان ہے جلد ہی اسکا خاتمہ ہونے والا ہے، یہ بات انہوں نے منگل کو این این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی قیادت کی جانب سے اسمبلیوں سے استعفے ... پارٹی قیادت کے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

10 یا 20 ہزار لوگ جمع ہوگئے تو وبا کا پھیلاؤ بڑھے گا، اسد عمر

احتیاط نہ کی تو ہوسکتا ہے مزید شعبے بند کرنا پڑیں، ہمیں پاکستان کے بچوں کی تعلیم کی بھی فکر ہے، پریس کانفرنس

جمہوری نظام کا مطلب یہ نہیں ہے سیاسی لیڈرز عوام کو ایسا پیغام دیں جس سے عوام کی صحت اور روزگار خطرے میں پڑے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے واضح کیا ہے کہ اگر عوام نے احتیاط سے کام نہ لیا تو شاید ہفتے یا دو ہفتے بعد مزید شعبے بند کرنے پڑیں، ہمیں پاکستان کے بچوں کی تعلیم کی بھی فکر ہے، اگر ایک جگہ پر 10 یا 20 ہزار لوگ جمع ہوں گے تو وبا کا پھیلاؤ بڑھے گا، جمہوری نظام کا مطلب یہ نہیں ہے سیاسی لیڈرز عوام کو ایسا پیغام دیں جس سے عوام کی صحت اور روزگار خطرے میں پڑے، پی ڈی ایم والے ہماری نہیں سنتے تو اعتزاز احسن کی ہی سن لیں۔ این سی او سی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ این سی او سی میں ہماری ذمہ داری یہ نہیں ہے کہ ہم پیچھے کی طرف دیکھیں کہ کیا ہوچکا ہے، ہماری اولین ذمے داری یہ ہے کہ ہم آگے دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کی صحت اور روزگار کے دفاع کی ذمہ داری بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نیب ملکی ترقی و خوشحالی میں بزنس کمیونٹی کے کردار کا معترف ہے، جسٹس جاوید اقبال

بزنس کمیونٹی ملک کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کرنا نیب کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے بزنس کمیونٹی کے کردار کا معترف ہے، بزنس کمیونٹی ملک کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کرنا نیب کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر جیسومل لیمانی کی قیادت میں پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں سابق چیئرمین کاٹن جنرز بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے میڈیا ہال میں نئی ایل ای ڈی نصب جبکہ کراکری اور کمپیوٹر فعال کردیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے میڈیا ہال میں نئی ایل ای ڈی نصب جبکہ کراکری اور کمپیوٹر فعال کردیئے گئے سائونڈ سسٹم سمیت دیگر تکنیکی کام اسمبلی کی تزئین و آرائش کے منصوبے میں مکمل کیا جائیگا تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کو کوریج کرنے والے صحافیوں نے میڈیا بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کے جارحانہ موڈ سے پی ڈی ایم مزید مضبوط ہوگئی ہے، یعقوب ناصر

استعفوں سے متعلق جو اعلان کیا ہے اس پر پوری پی ڈی ایم کا مکمل اتفاق ہے

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنما و مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے جارحانہ موڈ سے پی ڈی ایم مزید مضبوط ہوگئی ہے میاں نواز شریف نے سابق وزیر اعلیٰ نواب اسلم رئیسانی کو پی ایم ایل ن میں شمولیت کی دعوت دیدی ہے اب انکے جواب کا انتظار ہے ہم انکے شمولیت کا پرتپاک استقبال کرینگے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

لوگوں کے ساتھ حج کے نام پر فراڈ کرنے والے قطعی رعایت کے مستحق نہیں، چیف جسٹس

اگر ملزم لوگوں کے پیسے واپس کرتا ہے تو ضمانت ہوگی، سماعت دس روز کیلئے ملتوی کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شہریوں کو حج پر بھجوانے کا جھانسہ دیکر فراڈ کرنے والے ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ ایسے ملزمان قطعی رعایت کے مستحق نہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد قاسم خان نے ملزم محبوب علی کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ فاضل چیف جسٹس نے کہا کہ آپ نے لوگوں کو حج پر بھجوانے کے پیسے لیے، لوگوں کے ساتھ حج کے معاملے پر فراڈ کیا، ایسے ملزمان رعایت کے مستحق نہیں۔ فاضل عدالت نے کہا کہ اگر بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

چین نے بھارت کے ساتھ یادگاری ڈاک ٹکٹ منسوخ کردیئے

اسلام آباد (این این آئی) چین نے بھارت کے ساتھ یادگاری ڈاک ٹکٹ منسوخ کردیئے، ہندوستان کے ساتھ مشترکہ طور پر یادگاری ڈاک ٹکٹوں کے اجراء کے منصوبوں کا معاہدہ بھی منسوخ کردیا گیا خارجہ پالیسی سے متعلق ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ دو ایشیائی ملکوں کی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی ملاقات کررہی ہیں

یہ جلسہ جلوس نہیں لاک ڈاؤن کا وقت ہے، لیاقت شاہوانی

دوسری لہر میں شدت آرہی ہے خدشہ ہے موسم سرما میں وبا کا عروج آئیگا، بے وجہ عوام کی زندگیوں کو خطرے میں نہ ڈالی جائیں

دسمبر کے پہلے ہفتے میں کیسز کی شرح 11 فیصد سے زائد ریکارڈ ہوئی ہے نومبر کے مہینے میں کیسز کی شرح 7 فیصد تھی اس میں اضافہ کی صورتحال باعث تشویش ہے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ اپوزیشن والے کونسلری نشست نہیں چھوڑ سکتے اسمبلیاں کیا چھوڑیں گے استعفوں کی صورت میں قانون اور آئین کے تحت ضمنی انتخابات ہوں گے ملک بھر سمیت بلوچستان میں کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے ایسے میں پی ڈی ایم کی جماعتیں ہوش کے ناخن لیں یہ جلسہ جلوس نہیں لاک ڈاؤن کا وقت ہے بے وجہ عوام کی زندگیوں کو خطرے میں نہ ڈالیں یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لیاقت شاہوانی کا کہنا تھا کہ ملک میں یومیہ 50 کی اوسط سے کورونا سے اموات بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

جام کمال کی قیادت میں اپنے اتحادیوں کے تعاون سے بلوچستان کو پسماندگی کے دلدل سے نکال کر دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے برسرپیکار ہے، چوہدری شبیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ ہمارا وژن ہمارا کام صحت تعلیم فلاح عام ہے بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت جام کمال کی قیادت میں اپنے اتحادیوں کے تعاون سے بلوچستان کو پسماندگی کے دلدل سے نکال کر دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے برسر پیکار ہے۔ بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو پی ڈی ایم اے بلوچستان کیلئے خریدی گئی جدید مشینری کا معائنہ کررہے ہیں

روزنامہ
شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

10 دسمبر 2020ء

اپوزیشن جلسوں کے علاوہ کیا کر سکتی ہے؟

وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر کہا ہے کہ اپوزیشن جلسوں کے علاوہ کیا کر سکتی ہے؟ پی ڈی ایم کی 11 جماعتیں مل کر بھی تحریک انصاف جتنے بڑے جلسے نہیں کر سکتیں، یہ استعفیٰ دیں گے تو ہم انتخابات کروا کر اور زیادہ مضبوط ہوں گے، حکومت کو بھیجنے کا آئینی طریقہ تحریک عدم اعتماد ہے، اپوزیشن تحریک عدم اعتماد پیش کرنا چاہتی ہے تو اسمبلی میں آجائے اپوزیشن کی آوازیں، جمہوریت کی فکر میں نہیں نکل رہی ہیں جو اپوزیشن لاک ڈاؤن نہ کرنے پر تنقید اور بھارت کی مثال دیا کرتی تھی وہ اب جلسے کر رہی ہے، صحیح معنوں میں احتیاط نہ کی تو سردیاں گزارنا بہت مشکل ہوگا، کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنا ہماری پالیسی ہے، جب تک ہمارے ملک کی دولت نہیں بڑھے گی ہم ملک کے لوگوں کو غربت سے نہیں نکال سکتے، پاکستان کیلئے چین کا ماڈل اپنانا چاہتے ہیں' ہم پوری طرح اپنی صنعتوں اور کاروباری برادری کی مدد دیں گے، جو بلدیاتی نظام لا رہے ہیں، پوری شہری حکومت ایک ہی جگہ ہوگی۔ کورونا وائرس کی وبا جب پھیلی تو یہ مشکل وقت تھا اور پوری دنیا نے ایک مشکل فیصلہ کرنا تھا کیونکہ اس وائرس کو روکنے کا بہترین طریقہ لاک ڈاؤن ہے پہلی لہر میں پاکستان جس طرح کورونا وائرس سے نکلا ہے، اس میں عوام نے ہمارے ساتھ تعاون کیا امریکہ میں ہر 4 دنوں میں اتنے لوگ مرتے ہیں جتنے ہمارے یہاں 7 روز میں نہیں مرے یعنی اتنی تیزی سے وبا دوبارہ پھیل رہی ہے، انگلینڈ اور اٹلی میں بھی سخت لاک ڈاؤن ہے، تاہم اگر ہم ابھی سے احتیاط کریں تو سردی میں ہم اپنے ملک، صنعت اور لوگوں کو بچا سکتے ہیں۔ پاکستان کی 70 سالہ تاریخ میں مسلسل یہ مسئلہ آتا ہے کہ جیسے ہی ہماری ترقی شروع ہوتی ہے ہمارا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھنا شروع ہو جاتا ہے، ہم دنیا کو برآمدات کم کرتے ہیں اور درآمدات زیادہ کرتے ہیں اور روپے پر دباؤ پڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور مہنگائی بڑھتی ہے۔

انسان اور انسانی حقوق

ڈاکٹر ساجد خاکوانی

انسان کا جوہر اصلی انسانیت ہے، انسانیت اگر موجود ہے تو وہ انسان اصل میں انسان ہی ہے لیکن اگر کسی میں انسانیت ہی سرے سے موجود نہیں یا اس کا گلا گھونٹ رکھا ہے تو اس نے گویا انسان کا محض لبادہ اوڑھ رکھا ہے اندر سے وہ کیا ہے؟؟ یہ اس کی فطرت ہی بتا سکتی ہے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے سورج میں تپش، حدت اور شعاع باقی نہ رہے تو اپنے جوہر اصلی سے محروم ہو جائے گا اور اسے کوئی سورج ماننے پر تیار نہیں ہوگا اور جنگلی جانوروں کے اندر سے حیوانیت نکال دی جائے تو وہ حیوان کہلانے کے حق دار نہیں رہیں گے۔ شیر ایک خونخوار درندہ ہے لیکن اسکے پنجوں اور دانتوں سے اسے محروم کر دیا جائے تو اسدیت اسکے پاس سے رخصت ہو جائے گی اور وہ ان تمام خصوصیات سے محروم ہو جائے گا جو اسے شیر بنانے پر قدرت رکھتی تھیں اگرچہ اسکی شکل و شباہت اور ہیئت و جسامت شیر جیسی ہی ہو گی۔ اطباء حضرات جڑی بوٹیوں سے عرق نکال لیتے ہیں، اس عمل سے پہلے وہ بوٹیاں بہت قیمتی تصور کی جاتی ہیں، ان کے دام وصول کیے جاتے ہیں اور انہیں پوری حزم و احتیاط سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے اور پورے مراحل سے گزار کر ان کا جوہر اصلی ان سے کشید کر لیا جاتا ہے لیکن جب وہ بہت قیمتی بوٹیاں اپنے اثاثہ اصلی سے محروم کر دی جاتی ہیں تو تھوڑی ہی دیر بعد کوڑے کا ڈھیر انکا مقدر بن جاتا ہے اور وہ فاضل مادہ تصور کیا جاتا ہے۔

انسانیت کیا ہے؟؟ اس کے متعدد جواب دیے جا چکے ہیں اور سب جواب ہی قابل اعتماد ہیں لیکن ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ دوسرے انسان کو اپنی مانند سمجھنا اور اس سے بھی ایسا سلوک کرنا جیسا سلوک اپنے ساتھ کیے جانے کی انسان توقع رکھتا ہے محض چند مستثنیات کے ساتھ اس جذبے کو انسانیت کہا جا سکتا ہے۔ محسن انسانیت نے بہت خوبصورت الفاظ میں انسانیت کے اس خاصے کو چند الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ جو اپنے لیے پسند کرتے ہو وہی اپنے بھائی کے لیے بھی پسند کرو۔ دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہونا، ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھنا، ان کی خوشی کو اپنی خوشی تصور کرنا، اپنی حاجات کی تکمیل سے پہلے دوسروں کی خبر گیری کرنا، دوسروں کی تقدیس و تکریم کو اپنے سے کم تر نہ سمجھنا، اچھے اخلاق کا مرقع ہونا اور برے اخلاق سے اپنی طرح دوسروں کو بھی محفوظ رکھنا وغیرہ یہ سب انسانیت کے اعلیٰ درجات ہیں۔ انسان بننے کے لیے صرف انسانوں کے ہاں پیدا ہو جانا ہی کافی نہیں ہے بلکہ اس کے اندر انسانیت کا جوہر ہونا بھی ضروری ہے۔ ماہرین لغات کہتے ہیں کہ لفظ "انسان" کا اصل مادہ یا مصدر "انس" ہے جس کا مطلب محبت، پیار، الفت اور چاہت سے مستعار ہے۔ پس جس کے اندر "انس" ہوگا وہ انسان کہلانے کا حق دار بھی ہوگا اور جس کا اندرون "انس" سے خالی ہوگا اسے کوئی حق نہیں کہ وہ اپنے آپ کو انسان کہلوائے۔

انسانیت و حیوانیت دو متضاد الفاظ کے طور پر کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ حیوان اپنے آپ کو دوسرے پر فوقیت دیتا ہے، اپنا پیٹ بھرنے کے لیے دوسرے کو شکار کرتا ہے اور حلال و حرام کی تمیز کے بغیر اپنا آتش دوزخ بھرتا ہے اور اپنی ہوس نفس مٹانے کے لیے دوسرے کو استعمال کرتا ہے۔ جانور کو ضبط نفس کا ملکہ میسر نہیں ہوتا اسی لیے اس کے اندر برداشت کا مادہ بھی نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ اپنی فطرت کے خلاف حالات سے سمجھوتا کر پاتا ہے۔ گھر میں پالا ہوا پالتو جانور ہو یا جنگل میں بڑھا پلا ہوا جنگلی جانور صدیوں سے ان کے ہاں کوئی ارتقا نہیں، وہ ہزاروں سال پہلے جس طرح رہتے تھے آج بھی اسی بود و باش اور خور و نوش کے مالک ہیں۔ جانوروں کی ایک اور صفت یہ ہے کہ ان میں شرم و حیا اس طرح نہیں ہوتی جس طرح انسانوں کے اعلیٰ اخلاق میں پائی جاتی ہے، قدرت نے ان کے ننگ ڈھانکنے کا انتظام خود سے کر دیا ہے اور باہمی تعلقات میں چونکہ رشتہ داری کے حرم و احترامیات سے جنگل کا قانون خالی ہے اس لیے جانوروں کے تعلقات سے یہ صنف بھی عنقا ہے۔ جانوروں کا طبقہ طہارت کے بھی اس جامع تصور سے خالی ہے جو انسانی معاشروں کا جزو لاینفک سمجھا جاتا ہے۔ بعض مفکرین کا خیال ہے پیدائشی طور پر انسان حیوانیت کے جذبے سے ہی بھرا ہوتا ہے بعد میں تعلیم، ماحول اور عقل و خرد اسے انسانیت کی طرف لے آتے ہیں۔

قبیلہ بنی آدم میں انسانیت کا آغاز کرنے والے اور اولین معلمین انسانیت وہ منتخب لوگ تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں مبعوث فرمایا اور انہیں انبیاء علیہم السلام کے نام سے موسوم فرمایا، اگر انبیاء علیہم السلام انسانوں کے درمیان وارد نہ ہوتے تو جنگل کا خونخوار درندہ شیر، چیتا اور بھیڑیا نہ ہوتے بلکہ حضرت انسان ہی اس روح فرسا کام کو انجام دے رہا ہوتا بلکہ کچھ بعید نہیں کہ ان درندوں نے اپنی نسل کو تو باقی رکھا جبکہ انسانوں کے ہاتھوں تو ان کی اپنی نسل ہی اس صفحہ ہستی سے مٹ چکی ہوتی۔ آج بھی چکاچوند روشنیوں کے اس عہد میں وہ قومیں جو علم و حکمت اور تہذیب و تمدن میں اپنا ثانی نہیں رکھتیں اور جن کی راتیں ان کے دنوں سے زیادہ روشن ہیں لیکن انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات سے دوری کے باعث انہوں نے افغانستان، عراق، بوسنیا، چیچنیا اور کشمیر سمیت پوری دنیا میں اور انسانی تاریخ میں ظلم و بربریت کی وہ داستانیں رقم کی ہیں کہ جنگل کے درندے بھی ان پر شرم سے پانی پانی ہو جائیں۔ علمی دنیا کی ایک خوبصورت ریت ہے کہ کسی عمل کے آغاز کرنے والے سے اس عمل کی تدریس کا آغاز کیا جاتا ہے، جیسے بوہر نے سب سے پہلے "ایٹم" کا تصور دیا اور کہا کہ مادے کا سب سے چھوٹا ذرہ ایٹم ہے اب اگرچہ اسکا یہ نظریہ غلط ثابت ہو چکا ہے اور ایٹم کے متعدد مزید چھوٹے ذرات دریافت ہو چکے ہیں لیکن پھر بھی ایٹم کا سبق بوہر کے ذکر کے بغیر ہمیشہ نامکمل رہے گا۔ کتنے دکھ کی بات ہے کہ آج انسانیت کا تصور دینے والے ان اولین مدرسین انسانیت کو فراموش کر دیتے ہیں اور ان کا نام ہی نہیں لیتے۔ کیا یہ ایک علمی و عملی بددیانتی نہیں ہے کہ دوسرے کے تصورات کو اپنے نام سے پیش کر دیا جائے؟؟۔

انبیاء علیہم السلام نے انسانیت کو سب سے پہلے توحید کا درس دیا جس کے بغیر انسانیت تو کیا خود حضرت انسان کا وجود ہی نامکمل ہے۔ انبیاء علیہم السلام نے نکاح کا عمل اس قبیلہ بنی آدم میں شروع کیا حقیقت یہ ہے کہ نکاح کے عمل سے خاندان کا ادارہ وجود میں آیا جو دراصل انسانیت کا بنیادی تاسیسی ادارہ ہے۔ اس خاندان کے ادارے سے بچے کو اپنی تہذیبی شناخت میسر آتی ہے، یہی ادارہ انسان کو انسانیت کی معرفت عطا کرتا ہے۔ اسی ادارے کے سبب انسان کے دل و دماغ میں اسکی رشتہ داریوں سے متعلق پیار و محبت پروان چڑھتا ہے، یہی ادارہ انسان کے بچپن کا امین، اسکے حسن شباب کا ضامن اور اسکے بڑھاپے کا محافظ ہوتا ہے اور اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہو سکتی ہے انسانی نسل کا تسلسل اسی خاندانی ادارے کے استحکام سے ہی وابستہ ہے۔ انبیاء علیہم السلام انسانیت کے موجد ہی نہیں بلکہ انسانیت کے محسن بھی ہیں کہ انہوں نے خاندان جیسی ٹھنڈی چھاؤں انسانوں کو عطا کی جہاں سے انسانیت کی فکر اس کرۂ ارض کی مخلوقات کو میسر آئی۔

اس کے متضاد کے طور پر عمل زنا ہے جس سے خاندان کا نظام بری طرح تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ لمحہ فکریہ ہے کہ ایک جوڑا اس نیت سے ملتا ہے کہ اس نے کل زندگی اکٹھے گزارنی ہے، ایک نسل اور پھر خاندان کی پرورش کرنی ہے، ایک دوسرے کے دکھ درد میں ساجھی ہونا ہے اور موت کے بعد بھی باہم وارث بننا ہے اور اس کے نتیجے میں ایک بچہ پیدا ہوتا ہے جسے "حلالی" کہا جاتا ہے جبکہ ایک جوڑا محض چند لمحوں کے لیے ملتا ہے ہوس نفس جنسیت، خودغرضی اور حیوانی تسکین کی خاطر ایک دوسرے کو وہ بھنبھوڑتے ہیں اور آتش نفس مٹانے کے لیے ایک دوسرے کا جنسی استحصال کرتے ہیں اور اسکے نتیجے میں بھی ایک بچہ پیدا ہوتا ہے کیا یہ دونوں بچے اپنی فطرت، اپنی نفسیات اور اپنی فکر و عمل کی پہنچ میں برابر ہو سکتے ہیں؟؟ لازمی طور پر ایک بچہ جو نکاح کا نتیجہ ہوگا اور ایک خاندان میں پرورش پائے گا وہ انسانیت کا مرقع و منبع ہوگا اور دوسرا اسکے بالکل برعکس انسانیت سے عاری اور حیوانیت سے بھرا ہوگا۔

سیکولر مغربی تہذیب نے "آزادیوں" کے نام پر جس ثقافت کو پروان چڑھایا ہے ان آزادیوں نے انسانوں سے انکا خاندان چھین سا لیا ہے، پوری دنیا کثرت زنا کے نتیجے میں انسانیت کے مقدس جذبے سے محروم ہوتی چلی جا رہی ہے۔ آج انسانیت کا راگ الاپنے والے انسانیت سے عاری ہو چکے ہیں، نسلی، علاقائی، لسانی اور مذہبی تعصب نے دوسرے انسانوں کو انسان ہی تصور کرنے سے انکار کر چھوڑا ہے، ہوس دولت اور سودی نظام نے انسانوں کے اندر سے ہمدردی، پیار محبت اور انسان شناسی کے عمل کو گہنا دیا ہے، مضبوط حکومتوں اور بڑی قوموں کی وسعت پسندی کی خاطر دریاؤں میں پانی کی بجائے انسانی خون بہہ رہا ہے اور عالمی امن کے ادارے بھی انہیں کے ہاتھوں کھلونا بن چکے ہیں اور گویا ایک آگ ہے جس میں مشرق سے مغرب تک کی انسانیت جھلستی چلی جا رہی ہے۔ کم و بیش اسی طرح کے حالات ہوا کرتے تھے جب اللہ تعالیٰ انسانوں کے درمیان انبیاء علیہم السلام کو مبعوث فرماتا تھا آج بھی آخری نبی کی تعلیمات ہی انسانوں کو انسانیت سے آشنا کر سکتی ہیں اور جینوا کارڈ کی ناکامی آج سر چڑھ کر بول رہی ہے اور انسانیت کا سبق آج بھی محض خطبہ حجۃ الوداع میں ہی پوشیدہ ہے جو اس دنیا میں نافذ ہوگا تب ہی انسانیت عود کر آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

بھارت کی آبی جارحیت

دلدار احمد

جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے اس وقت سے بھارت اس کے راستے میں ایسی رکاوٹیں کھڑی کرتا آرہا ہے جس سے پاکستان کا صفحہ ہستی پر قائم رہنا مشکل سے مشکل ہوتا جائے۔ 1947 میں پاکستان بننے کے فوراً بعد بھارت نے جموں کشمیر پر قبضہ کرلیا۔ پاکستان کے حصے میں آنے والے اثاثے بھارت نے غصب کر لئے حالانکہ تقسیم برصغیر کے موقع پر بھارت نے پاکستان کو اس کے حقوق دینا تسلیم کیا تھا۔ 1948 میں بھارت نے مختلف ہیڈ ورکس کے راستے پاکستان میں آنے والا پانی روک لیا جس سے ہماری زراعت کو شدید نقصان پہنچا۔ پاکستان کا نہری نظام دنیا کے بڑے اور قدیم ترین نہری نظاموں میں سے ایک تصور کیا جاتا ہے۔ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ اپر باری دوآب کنال (UBDC) مغل بادشاہ شاہجہان نے 1693 میں بنائی تھی۔ یہ نہر دریائے راوی کا پانی مادھوپور سے لاہور تک پہنچاتی تھی۔ اس کے بعد مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں نہری نظام کو مزید بہتر بنایا گیا۔ سرہند کنال دوسری بڑی نہر ہے جو دریائے ستلج کا پانی مختلف زمینوں تک پہنچاتی تھی۔ یہ نہر 1882 میں انگریزوں نے بنائی تھی۔ انگریزوں کے زمانے میں پنجاب کے نہری نظام نے تیزی سے ترقی کی جس کی وجہ سے پنجاب نے پورے برصغیر میں اجناس اور پھلوں کو پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس نہری نظام میں دریاؤں سے پانی مہیا کیا جاتا تھا جس کو مختلف ہیڈ ورکس سے کنٹرول کیا جاتا تھا۔ ریڈ کلف ایوارڈ کے تحت باؤنڈری کمیشن بنایا گیا جس نے سارے ہیڈ ورکس بھارت کے حصے میں ڈال دیئے۔ بھارت نے ان ہیڈ ورکس کے ذریعے پاکستان میں داخل ہونے والا سارا پانی روک دیا۔ پانی کی قلت کی وجہ سے پاکستان میں زراعت کے حوالے سے ایک بحرانی کیفیت پیدا ہوگئی۔ پاکستان کو پانی لینے کے لیے بھارت کو پیسے ادا کرنے پڑے۔ بھارت کی طرف سے پانی کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا آغاز یہیں سے ہوا۔ اس کے بعد وزیراعظم لیاقت علی خان اور بھارتی وزیراعظم جواہر لال نہرو کے درمیان متعدد ملاقاتوں کے نتیجے میں پاکستان کو پانی کی سپلائی دوبارہ بحال کروی گئی۔ بہرحال پانی اور ہیڈ ورکس کا کنٹرول بھارت کے پاس ہی رہا جب تک ورلڈ بینک نے دونوں ملکوں کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے سندھ طاس کا معاہدہ نہیں کروا دیا۔ یہ معاہدہ 1960 میں وجود میں آیا۔ اس معاہدے کے بعد پاکستان نے اپنا نہری (جاری ہے)

آزادی صحافت

خوب آزاد و صحافت ہے
نظم لکھنے پہ بھی قیامت ہے
دعویٰ جمہوریت کا ہے ہر آن

ثناء آغا خان

یہ حکومت بھی کیا حکومت ہے
دھاندلی دھونس کی ہے پیداوار
سب کو معلوم یہ حقیقت ہے
خوف کے ذہن و دل پہ سائے ہیں
کس کی عزت یہاں سلامت ہے
کبھی جمہوریت یہاں آئے
یہی جالب ہماری حسرت ہے

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی آئے روز سوشل میڈیا پر قلم قبیلے کے خلاف کوئی منفی مہم چلانا یا مخالفت پر مبنی ٹویٹ ٹرینڈ کرنا یہ کوئی نئی خبر نہیں، اگرچہ اس معاملے میں پاکستان اور دنیا بھر میں بہت سی قدریں مشترک ہیں مگر ایک چیز ہے جو پاکستان کو مختلف بناتی ہے۔

دنیا بھر میں صحافیوں کے خلاف ایسی مہم جوئی عموماً برسراقتدار جماعت اپنے ہمدردوں اور سپورٹرز کے ذریعے ڈھکے چھپے انداز میں کرواتی ہے مگر پاکستان میں معاملہ بہت کھلے انداز میں ہوتا ہے جو کہ باقی ملکوں سے کچھ مختلف ہے۔

پاکستانی صحافت میں آج کل پوری تصویر دکھائی جاتی ہے نہ مکمل خبر سامنے آتی ہے۔ مکمل سچ مکمل کنٹرول میں چلا گیا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ سب کچھ ہمیشہ سے ایسا ہی تھا بلکہ آج پیدا ہونے والی صورتحال ایک بتدریج عمل کا نتیجہ ہے۔

اس امر میں بھی کسی شک کی گنجائش نہیں کہ ہمارے ملک میں بہت سے ضمیر کے پاسدار اور پروفیشنل صحافی موجود ہیں جو اپنے کام کے معاملے میں انتہائی پروفیشنل، مخلص اور محنتی ہیں، جو صحافت کو ایک مقدس مشن سمجھتے ہوئے اپنے ویژن کو منواتے ہیں، مگر کیا کیجئے ہمارے ملک میں بہت سے گروپ ایسے بھی ہیں جن کا قلم و قرطاس سے دور کا بھی واسطہ نہیں اور وہ حبیب جالب کے الفاظ میں قلم کو فقط "ازاربند" ڈالنے کے لئے ہی استعمال کرتے ہیں۔

اسی میڈیا اور صحافیوں کی کشمکش میں ایک بہترین ادارے کی ضرورت تھی۔ ایمرہ کا نیوز پیپر اور ویب چینل ان تمام کام کرنے والے صحافیوں کی آواز ہے جن کی آواز دب گئی تھی یقیناً یہ وقت کی ضرورت اور اہم قدم ہے جس کے لیے میں صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتی ہوں الیکٹرانک میڈیا رپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر آصف بٹ، سینئر صحافی عظیم نذیر، سہیل اشرف، آصف چوہدری، ارسلان رفیق بھٹی، غلام مرتضیٰ اور ناصر رفیق سمیت ان تمام خواتین و حضرات کو جنہوں نے اہل صحافت کی رفعت و عظمت کیلئے یہ احسن اقدام اٹھایا ہے۔

میں سخن ور بنا بڑا ہو کر (آخری قسط)

دیباچے میں "شعری دھرتی کا عادل" کے عنوان کے تحت پروفیسر لعل زادہ لعل یوں رقمطراز ہیں کہ عزیز عادل کے کلام کا معنوی حسن قاری کو اپنے سحر میں جکڑ

شہزاد حسین بھٹی

لیتا ہے۔ وہ زندگی کے رموز سے باخبر فنکار ہیں۔ آفاقی حقیقت کو ایسی زبان عطا کرتے ہیں کہ پڑھنے والا چارہ و ناچار اُن کا حامی بن جاتا ہے۔ زندگی کے ہر پہلو کی طرف نہ صرف اُن کی نگاہ جاتی ہے بلکہ حقیقت پسندانہ انداز میں اس کا تجزیہ بھی کرتے ہیں۔ تقدیر جو ساری دُنیا کے لیے معمہ رہی ہے، عزیز عادل کتنی آسانی سے سمجھاتے ہیں کہ انسان کا فعل ہی اس کا مقدر ہے اس دُنیا کا کوئی کمال نہیں۔ اوج کمال پر پہنچ کر بیٹھے جب ہاتھ دھرے بیٹھ جاتے ہیں تو زوال کے اندھیرے میں فنا ہو جاتے ہیں۔ جبکہ پستی ایسوں کا مقدر بن جاتی ہے۔

شعر۔ زوال جس کے کمال کو ہے، کمال اُس کے زوال کو ہے۔۔
اس ایک جملہ مختصر میں مقدروں ہی کی آبرو ہے۔

ایک دوسری جگہ پروفیسر لعل زادہ لعل لکھتے ہیں کہ عزیز عادل کا تخیل باور کراتا ہے کہ در امکاں بروقت اور ہر جگہ کھلا رہتا ہے، شعور رکھنے والوں کو نظر آتا ہے اور حوصلہ رکھنے والے اُس سے گزر جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پہاڑوں کی برف پوش چوٹیوں اور سمندر کی اتھاہ گہرائیوں میں پوشیدہ دُنیائیں بھی انسان کی دسترس سے باہر نہیں۔

شعر۔ اِدھر ہوگا کوئی تو ڈولتی لہروں کے اُس جانب
بلا مقصد سمندر تک کوئی رستہ نہیں آتا

"بے حِسّ ہمدم دیرینہ" میں عزیز عادل کے دوست شاعر انوار احمد شام لکھتے ہیں کہ یہ تو طے ہے کہ عزیز عادل شعر و شاعری کے اس سخن سرائے میں نووارد نہیں ہاں اپنی نگارشات کو کتابی شکل دینے میں ذرا دیر کر گئے ہیں پھر بھی دیر آید درست آید۔ عزیز عادل کی شاعری پر داخلیت کا رنگ حاوی ہے مگر ان کے خارجی لہجے کی جولانیوں سے آپ صرف نظر نہیں کر سکتے۔ اُن کا مشاہدہ یا احساس بار ہا ایسے مضامین میں ڈھل جاتا ہے کہ اُن کی سخن سرائی پڑھنے والے کو سر دُھننے پر مجبور کر دیتی ہے۔

شب ریز کے پشت پر اظہر ادیب رحیم یار خان کچھ اس طرح رقمطراز ہیں کہ عزیز عادل جانتا ہے کہ شکاریوں سے ڈرے ہوئے پرندے لوٹ کر نہیں آئیں گے اور درختوں کا اُجاڑ پن اُس سے دیکھا نہیں جاتا سو وہ پرا رکھنے کرنے اور اُن سے درختوں کو بچانے میں لگا رہتا ہے۔ یہ پر وہ چھوٹی چھوٹی خوشیاں ہیں جنہیں تیز رفتار زمانے نے ہم سے چھین لیا ہے۔ ہر صاحب دل فنکار کی طرح وہ معاشرتی ناہمواریوں پر احتجاج کرتا ہے۔ یہ احتجاج شہرت یا دکھاوے کے لیے نہیں بلکہ اندر کی آواز ہے جسے وہ بڑے خلوص اور نیک نیتی سے شعر کے قالب میں ڈھالتا ہے۔ اُسے پتہ ہے کہ اس سے کوئی انقلاب برپا نہیں ہوگا لیکن اُسے یہ اطمینان ہے کہ وہ اپنا فرض نبھا رہا ہے، سوئے ہوئے شہر کو جگانے کا فرض۔

پیش لفظ میں عزیز عادل لکھتے ہیں کہ ریزہ ریزہ ہو کر بکھرنا ایک مسلسل عمل ہے اور میں اس تخلیقی عرصے سے گزر رہا ہوں۔ میں اگر یک بارگی کرچی کرچی ہو کر بکھرتا تو اذیت کی یہ کاری مجھ پر ایسے نہ کھلتی جس قدر لمحہ لمحہ کرب کے مراحل سے گزر کر میرے جسم و جاں کو اس کا ادراک ہوا۔ اذیت کی اس شدت کو کم کرنے کے لیے میں نے لفظوں کا سہارا لیا اور کرب کے نادیدہ احساس کو شعر کے زندہ احساس میں ڈھالتا رہا۔ ایک انجانا، انوکھا، گداز احساس میرے اندر سے نکل کر پرندوں، پیڑوں، خاک، ہوا، رنگ، نور، روشنی، حسن، سراپا اور خوش دلی کے ان گنت نظاروں اور کیفیتوں سے اپنا رزق حاصل کرتا رہا۔ میرا وجدان شعر کے قالب میں سانس لیتا لفظ لفظ مصرع بنتا آپ کے سامنے ہے یہ آپ کو کتنا اپنی طرف راغب کرتا ہے اس کا فیصلہ آپ پر اور شب ریز پر ہے۔

شب ریز اُردو ادب میں ایک نمایاں اضافہ ثابت ہوگی۔ موضوع زبان و بیان، ایجاز و اختصار، کثرت و علامات، تشبیہات و استعارات کے ذریعہ سے عزیز عادل نے ایک نیا راستہ نکالا ہے اور پورا مجموعہ پڑھنے کے بعد عقل سوچنے پر مجبور ہے کہ ایک غیر اُردو داں اس قدر ذاتی مطالعہ میں منہمک ہو کر زبان اُردو سے جس محبت کا اظہار کیا ہے جس کی تعریف کے لئے الفاظ ہاتھ باندھے قطار لگا کر کھڑے ہیں۔ اللہ زور قلم اور زیادہ ہو۔۔۔

نمونہ کلام

اے جفا سازی و تکنیک نگاراں تری خیر
اے خطا کاری و امید نوراں تری خیر
کاسہ چشم تو ازن نہ بکھرنے پائے
چشمہ فیض دل انس فروشاں تری خیر۔۔۔۔

دکھ بھی سچوں کا دل کے اندر بولے گا
جب منظر چپ سادھے گا پس منظر بولے گا
تیرے ہجر کا دامن تھامے آخر شب کا چاند
اوج فلک کے دروازے سے لگ کر بولے گا
تیسری آنکھ کا دور ہے سائیں مت انجان ہو
چھپنے والا آخر کون تھا۔ پتھر بولے گا
کچھ دشوار نہیں ہے سہنا ہجر کا دکھ
جیسے دکھ بس دو پل دل کے اندر بولے گا
دیکھو آج ظلم نہ کرنا بستی والوں پر
ورنہ کوئی تم سے نہ میرے دلبر بولے گا

مشکل ہے تاں مشکل میں آسانی ڈھونڈ رہا ہوں
صحرا صحرا گھوم رہا ہوں پانی ڈھونڈ رہا ہوں
جلتی ریت پہ ننگے پیروں میں پہروں چل پھر کے
پیاسی آنکھوں کی خاطر ارزانی ڈھونڈ رہا ہوں
ہونے کو تو ہو سکتا ہے قیس میاں بھی دیوانہ
میں فی الحال اس دشت میں اپنا ثانی ڈھونڈ رہا ہوں
بھینی بھینی خوشبو سے مہکے عادل یہ بام و در
میں دہلیز پہ دھر بیٹھا حیرانی ڈھونڈ رہا ہوں۔۔۔

دوستی کی شان

انسانی آوازیں سدا فضاؤں میں ارتعاش پیدا کرتی رہتی ہیں اور ہمیں یادوں کی کہکشاں کا مسافر بناتی رہتی ہیں۔ یادیں خوبصورتی کا مرقع ہوتی ہیں اور

طارق حسین بٹ شان

ان سے ہماری خوشیاں وابستہ ہوتی ہیں۔ جو الفاظ ہم ادا کرتے ہیں اور جن اعمال کے ہم سزاوار ہوتے ہیں ساری حیاتی اس کائنات میں ہماری پہچان بنتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ انسان کی حقیقی پہچان اس کے فکر و عمل کا وہ جوہر ہے جو اسے تابندگی بخشتا ہے۔ کسی کے پاس یا دور ہونے سے انسانی عظمت میں ذرہ برابر کمی نہیں ہوتی۔ اس کائنات میں ایسے بہت سے انسان ہو گزرے ہیں جنہیں ہم کبھی دیکھ نہیں پائے، مل نہیں پاتے لیکن ان کی عظمت کا عکس ہماری ذات پر اپنے گہرے نقوش ثبت کرتا رہتا ہے۔ وہ اپنی علمی وجاہت میں اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ہم ان کی وجاہت کے نور میں مقید ہو جاتے ہیں۔ ہم ان سے اکتساب علم کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں، ان سے متاثر ہوتے ہیں اور اپنی زندگیوں میں ان کیا جلے کر دار کی روشنی بھرنے کے جتن کرتے ہیں۔ ایسے انسان ہست و بود کے فلسفہ سے ماوراء ہوتے ہیں۔

ایک وقت آ جاتا ہے جب کسی مہان انسان کی جسمانی موجودگی بے معنی ہو جاتی ہے کیونکہ اب وہ اپنے خد و خال سے نہیں بلکہ اپنے جوہر سے وقت کے ایوانوں میں اپنا احساس اجاگر کرتا ہے لہٰذا ایسی پر اثر شخصیت کو نظر انداز کر کے گزر جانا ممکن نہیں ہوتا۔ ایسی دل آویز شخصیت کی عملی وجاہت اور کردار کی عظمت ہر سمت سے ہمیں آوازیں دیتی ہے اور ہم غیر ارادی طور پر ان آوازوں پر لبیک کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ دنیائے ادب کی عظیم ترین ہستی علامہ اقبال نے سات صدیوں کے زمانی بعد کے باوجود مولانا روم کو اپنا روحانی مرشد تسلیم کیا تھا اور ان کی فکری اڑان سے اپنی شعری آفاقی تصنیف (جاوید نامہ) کی تزئین و آرائش کی تھی جس پر دنیا عش عش کر اٹھی تھی۔ یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ زمان و مکان کی دوریاں انسانوں کے فکری اشتراک میں سد راہ نہیں بنا کرتیں بلکہ وقت ان کی فکری اڑان کے پروں میں سمٹ جاتا ہے جس سے وہ ایک ہی دور کے انسان محسوس ہونے لگتے ہیں۔۔

خوش قسمت ہیں وہ انسان جن کا واسطہ کسی ایسے انسان سے پڑ جائے جو سچا ہو، جو بہادر ہو، جو ایثار کا پیکر ہو، جو یاروں کا یار ہو،

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

اداس موسموں، ہجرتوں اور عشق کا بے نوا مسافر ناصر کاظمی

معروف اور ممتاز شاعر ناصر کاظمی ہندوستان کے شہر انبالہ میں 8 دسمبر 1925ء کو پیدا ہوئے۔ ناصر کاظمی

لقمان اسد

کا اصل نام سید ناصر رضا کاظمی تھا لیکن انہیں ناصر کاظمی ہی کے نام سے شہرت حاصل ہے۔ ناصر کاظمی نے ابتدائی تعلیم مسلم ہائی اسکول انبالہ سے حاصل کی۔ ناصر کاظمی کے والد محمد سلطان بن شریف الحسن فوج میں ملازمت کرتے تھے اور ان کے والد کو جب اپنی ملازمت کے سلسلہ میں پشاور آنا پڑا تو ناصر نے نیشنل ہائی اسکول پشاور میں داخلہ لے لیا۔ میٹرک کے بعد تعلیم کا سلسلہ جاری رکھنے کیلئے ناصر کاظمی نے لاہور کا انتخاب کیا اور اسلامیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا لاہور شہر سے ناصر کاظمی کو عجیب رغبت ہوئی اور وہ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد مستقل طور پر لاہور میں ہی رہنے لگے اور لاہور کو ہی اپنا مسکن بنا لیا لاہور کے حوالے سے ان کا یہ شعر زبان زد عام ہے:

شہر لاہور تیری رونقیں دائم آباد
تیری گلیوں کی ہوا کھینچ کے لائی مجھ کو

عملی زندگی کی ابتداء میں حصول روزگار کیلئے ناصر کاظمی نے فوج میں بھی شمولیت اختیار کی لیکن جلد نوکری سے ان کا دل اُکتا گیا اور انہوں نے یہ ملازمت چھوڑ دی۔ 1950ء میں رسالہ "اوراقِ نو" کی ادارت سنبھالی جبکہ اس کے کچھ عرصہ بعد وہ معروف رسالے "ہمایوں" کے مدیر اعلیٰ بن گئے اور پانچ سال تک مسلسل یہ ذمہ داری نبھاتے رہے 1957ء میں انہوں نے اپنا ایک ادبی رسالہ "خیال" کے نام سے بھی جاری کیا لیکن وسائل کی کمی کے باعث وہ اسے تسلسل کے ساتھ جاری نہ رکھ سکے انہوں نے کچھ عرصہ محکمہ بہبود آبادی میں بھی ملازمت کی یہاں سے پھر انہوں نے محکمہ ویلج ایڈ میں ملازمت اختیار کر لی اور محکمہ کے رسالہ "ہم لوگ" کی ادارت کی ذمہ داری بھی نبھائی یہ سلسلہ 1964ء تک جاری رہا۔ یہ وہ وقت تھا جب ناصر کاظمی پاکستان کے نامور اور ممتاز شعراء میں شمار ہوتے تھے اور اسی زمانے میں ہی وہ ریڈیو پاکستان سے منسلک ہو گئے اور ان کی یہ وابستگی پھر ریڈیو پاکستان سے باقی ماندہ عمر تک قائم رہی ناصر کاظمی نے جب شاعری کا آغاز کیا تو اختر شیرانی کی قربت انہیں حاصل تھی لیکن اس کے بعد انہوں نے شاعری کے فن و رموز سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے حفیظ ہوشیار پوری کی باقاعدہ شاگردی حاصل کر لی۔

کہا جاتا ہے کہ ان کے غزل کہنے کی ابتداء حفیظ ہوشیار پوری کی ہی شاگردی میں ہوئی ناصر کاظمی نے انتظار حسین کو ایک انٹرویو دیا اور ناصر کاظمی نے اپنی زندگی کے اس آخری انٹرویو میں شاعری کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ "شاعری مردہ لمحوں کو زندہ کر دیتی ہے، وقت جو مر گیا اسے کوئی زندہ نہیں کر سکتا لیکن شاعر اسے زندہ کر دیتا ہے، شاعری محض مصرعے لکھنے کا نام نہیں شاعری تو ایک نقطہ نظر ہے زندگی کو دیکھنے کا، چیزوں کو دیکھنے کا اور ان کو ایک موزوں طریقے سے بیان کرنے کا نام شاعری ہے"۔ انہوں نے کہا میری شاعری میں رات کو بہت اہمیت حاصل ہے، رات تخلیق کی علامت ہے، دنیا کی ہر چیز رات میں ہی تخلیق ہوتی ہے۔ پھولوں میں رس پڑتا ہے رات کو، سمندر میں تموج ہوتا ہے رات کو، خوشبوئیں رات کو جنم لیتی ہیں حتیٰ کہ فجر تک فرشتے رات کو اترتے ہیں۔

ناصر کاظمی نے غزل کے علاوہ نظم بھی کہی، نثر میں بھی طبع آزمائی کی، ڈرامے لکھے، فیچر تحریر کیے اور تراجم بھی کیے لیکن ناصر کی اصل پہچان ان کی غزل ہی ٹھہری۔ بجا طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ناصر کی کہی ہوئی غزل جس قدر مقبول عام ہوئیں اس کی مثال بہت کم ملتی ہے۔ ناصر کاظمی کی غزلوں کا مجموعہ "برگِ نے" کے عنوان سے پہلی بار 1952ء میں مکتبہ کارواں شائع کیا پھر اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے 1972ء میں "دیوان ناصر" کے نام سے دوسرا شعری مجموعہ شائع ہوا۔ "پہلی بارش" 1975ء میں جبکہ "نشاطِ خواب" 1977ء میں منظر عام پر آیا۔ ناصر کا منظوم ڈرامہ "سُر کی چھایا" 1981ء میں منظر عام پر آیا تھا اسی طرح ناصر کی نثری تحریروں پر مبنی کتاب "خشک چشمے کے کنارے" 1982ء میں شائع ہوئی تھی۔

ناصر کاظمی نے چند کلاسیکی شعراء کے کلام کا انتخاب بھی کیا، جن میں "انتخاب میر" 1989ء، "انتخاب نظیر" 1990ء، "انتخاب ولی" 1991ء اور "انتخاب انشائی" 1991ء میں اشاعت پذیر ہوئے۔ یہ مجموعے ناصر نے ہی مرتب کیے تھے جو ان کی وفات کے بعد چھپے۔ فراق گورکھپوری کی غزلوں کے انتخاب کے علاوہ "سُر کی چھایا" چودہ سو مصرعوں کی طویل نظم ادبی رسالے "سویرا" میں شائع ہوئی (جاری ہے)

جلسے جلسیاں: عوامی جوش و بے اعتنائی (آخری قسط)

کو لاہور والے جلسے کی بابت درگزر کا مشورہ دیتی نظر آئی۔ "وفاقی کابینہ" کے فیصلے نے مگر ایک بار

نصرت جاوید

پھر ثابت یہ کیا ہے کہ ہمارے ہاں اصل اختیارات اسلام آباد میں بیٹھے وزیر اعظم ہی کو میسر ہوتے ہیں۔ اٹھارویں ترمیم کے تحت "یقینی" بنائی "صوبائی خودمختاری" محض کتابی باتیں ہیں۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول کا حتمی سوئچ وزیر اعظم کی انگلی ہی سے آن یا آف ہوتا ہے۔ سندھ میں پیپلز پارٹی کی وجہ سے یہ کارآمد نظر آئے تو "دیگر" ذرائع استعمال کرنا پڑتے ہیں۔ بارش سے جمع ہوئے پانی کی بروقت نکاسی کو یقینی بنانے کے لئے بھی "دوسروں" سے رجوع کرنا ہوتا ہے۔ اٹھارویں ترمیم کو اپنا فخر و مان تصور کرتی پیپلز پارٹی کے مراد علی شاہ اس ضمن میں شرمندگی دکھانے کی جرأت سے بھی ڈھٹائی کی حد تک محروم نظر آتے ہیں۔ بہرحال "وفاقی کابینہ" نے PDM کو لاہور میں جلسہ منعقد کرنے کی "اجازت" بہم پہنچا دی ہے۔ اس جلسے کے لئے "ممنوعہ تاریخ" لگانے والوں کے خلاف البتہ نجانے کونسی دفعات کے تحت پرچے بھی کٹیں گے۔

ممکنہ "جلسی" میں شرکت کرنے والوں کو دسمبر کی سردی میں کھلے آسمان تلے کھڑا ہونا پڑے گا۔ مجوزہ جلسے کے منتظمین کو جدید ترین ساؤنڈ سسٹم بھی فراہم نہیں ہو پائے گا۔ وہاں موجود "قائدین" کو شاید ذاتی خرچے سے میگا فون خریدنا ہوں گے۔ اسے ہاتھوں میں لے کر وہ "جلسی" سے خطاب کرنے کے بعد شرمندگی سے گھروں کو لوٹ جائیں گے۔ شکریہ نوائے وقت

وزیر اعظم کے مسائل، پل سراج اور ڈھول بجانے والے!!!! (آخری قسط)

جب ہم امیر جماعت اسلامی کے اس رویے کو دیکھتے ہیں یا ان سیاسی فیصلوں کو دیکھتے ہیں تو ہمیں مرحوم میر

محمد اکرم چوہدری

ظفر اللہ خان جمالی یاد آتے ہیں وہ فرمایا کرتے تھے کہ مرحوم قاضی حسین احمد بھی جو کام کر سکتے تھے وہ نہیں کر پائے اور اگر قاضی حسین احمد جو کر سکتے تھے وہ کر جاتے تو اس ملک کی سیاست کا نقشہ مختلف ہوتا بالکل اسی طرح آج امیر جماعت اسلامی سراج الحق بھی اسی دور سے گزر رہے ہیں۔ موجودہ صورتحال میں جب ملک میں سیاسی محاذ آرائی، سیاسی تصادم، اور سیاسی جماعتوں کی بیانات کی جنگ عروج پر ہے اور آنے والے دنوں میں اس محاذ آرائی میں شدت کا قوی امکان ہے۔ ان حالات میں کوئی ایسا سیاستدان نظر نہیں آرہا جو اس تصادم کو روکنے کے لیے آگے بڑھے کوئی ایسا سیاستدان نظر نہیں آرہا جو اتحاد، اتفاق، تنظیم سیاسی رواداری، باہمی بھائی چارے اور مل جل کر، بیٹھ کر افہام و تفہیم کے ساتھ اس آگ کو بجھانے کی کوشش کرے۔

سیاسی اختلافات یا سیاسی عدم استحکام یا سیاسی جنگ کے اس دور میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق ہی ایک ایسے سیاست دان ہیں جن کے کردار جن کے سیاسی پس منظر اور تاریخ کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی ان پر انگلی نہیں اٹھا سکتا۔ وہ صاف بات کرتے ہیں ان کا ماضی کسی بھی حوالے سے داغدار نہیں ہے اور اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ وہ تمام سیاسی جماعتوں کے لیے قابل قبول ہیں ان کی اس سیاسی اہمیت کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس پرفتن دور میں سیاسی جماعتوں میں اس تصادم کو روکنے کے لیے کردار ادا کریں تو یہ بہت بڑی قومی خدمت ہوگی۔

گو کہ یہ ایک مشکل کام ہے لیکن یہ اہم ذمہ داری کسی کو تو سنبھالنی ہے۔ سراج الحق کو ایک پل کا کردار ادا کرنا چاہیے اپوزیشن میں بھی ان کی اہمیت کو تسلیم کیا جاتا ہے اور پاکستان تحریک انصاف بھی انہیں اچھی نظر سے اور ایک صاف ستھرے سیاستدان کی نظر سے دیکھتی ہے اس لیے اگر وہ اس مشکل دور میں بجائے اس کے کہ سیاسی جلسہ کریں یا پھر کبھی حکومت کے خلاف اور کبھی اپوزیشن کے خلاف اظہار خیال کریں۔ کیا یہ اس سے بہتر نہیں کہ وہ دونوں کو ایک ساتھ بٹھا کر اس تصادم یا ممکنہ طور پر ہونے والی جنگ سے بچانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ امیر جماعت اسلامی اگر اس انداز سے کوشش شروع کرتے ہیں تو یقینی طور پر ان کے اس عمل کو نہ صرف سراہا جائے گا بلکہ عوامی سطح پر بھی اسے پذیرائی ملے گی۔ تحریک انصاف اور اپوزیشن کی تمام جماعتیں ایک دوسرے کے ساتھ بات کرنا تو دور ایک دوسرے کو دیکھنے کے لیے بھی رضامند نہیں ہیں۔ یہ صورت حال کسی بھی طور پر ملک و قوم کے فائدے میں نہیں ہے اگر تصادم کی فضا برقرار رہتی ہے تو سب سے زیادہ نقصان پاکستان اور اس کے غریب عوام کا ہوگا۔ بدقسمتی سے اس نقصان کی طرف نہ تو حکومت دیکھ رہی ہے اور نہ ہی اپوزیشن اس انداز میں سوچنے کے لیے تیار ہے یہ آنے والے خطرے کو دیکھتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سراج الحق اس تصادم کو روکنے کے لیے میدان میں آئیں اور بہتر سیاسی کردار بہتر سیاسی سوچ اور بہتر سیاسی طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس ملک کی حقیقی معنوں میں خدمت کا بیڑا اٹھائیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جماعت اسلامی کو اس کوشش کے نتیجے میں نہ تو انہیں قومی اسمبلی کی سیٹیں ملیں گی اور نہ ہی انہیں سینٹ میں تو سیٹ ملے گی نہ انہیں صوبائی اسمبلیوں کی نشستیں مل سکیں گی لیکن یہ کوشش ان تمام سیٹوں سے بڑھ کر ہوگی اس کوشش کا انعام انہیں پاکستان کے عوام دیں گے۔ تاریخ میں انہیں نمایاں مقام بھی مل سکتا ہے ہے اور مرحوم میر ظفر اللہ خان جمالی جو کچھ قاضی حسین احمد سے توقع رکھتے تھے وہ پورا خواب سراج الحق پورا کر سکتے ہیں۔

ایک اور نہایت دلچسپ خبر ہے وہ یہ کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان نے ٹوئٹر پر تمام لوگوں کو ان فالو کر دیا ہے یہ پرائم منسٹر نے جن لوگوں کو ان فالو کیا ہے ان میں قریبی دوست ان کے سیاسی دوست، ان کی جماعت کے اہم رہنما اور بین الاقوامی رہنما بھی شامل ہیں۔ اس خبر کو دیکھتے ہوئے یہ خیال آتا ہے کہ کاش وزیراعظم ان لوگوں سے بھی جان چھڑا لیں جن کے غلط فیصلوں کی وجہ سے کی پاکستان کے عوام کی زندگی تنگ ہوئی ہے مہنگائی ہوئی ہے ادویات مہنگی ہوئی ہیں بجلی کے بل بڑھ گئے ہیں گیس مہنگی ہوئی ہے ٹرانسپورٹ مہنگی ہوگئی ہے۔ عام آدمی سبزیوں اور پھلوں کو خریدنے کے قابل بھی نہیں رہا۔ جن جن لوگوں نے یہ فیصلے کیے ہیں وزیراعظم ان سے بھی جان چھڑالیں تو ہوسکتا ہے اس ملک کے 97 فیصد عوام کو سکون کا سانس مل سکے۔

اب حکومت کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ ہر روز کوئی ایک ایسا کام ضرور کرتی ہے جو شام کو ان کے گلے پڑ جاتا ہے وہ ڈھول صبح کسی اور کے لئے تیار کرتے ہیں لیکن شام کو وہ ڈھول انہی کے گلے میں ہوتا ہے اور اس ڈھول کو کوئی اور بجا رہا ہوتا ہے۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسوں کو ہی دیکھ لیں تو اس میں بھی حکومت کوئی واضح حکمت عملی تیار کرنے میں ناکام رہی ہے اور یہ صورتحال آج کی تاریخ تک برقرار ہے۔ اب جبکہ پی ڈی ایم لاہور میں جلسہ کر رہی ہے لاہور میں میاں نواز شریف کی مسلم لیگ کے تمام اہم سیاسی گھر گھر گلی گلی جا کر اپنے ووٹرز کو متحرک کرنے میں کسی حد تک کامیاب دکھائی دیتے ہیں۔ مریم نواز شریف گلی گلی اور گھر گھر جا رہی ہیں گھر گھر پہنچ رہی ہیں جبکہ اس کے جواب میں پاکستان تحریک انصاف کے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی گھروں میں چھپے بیٹھے ہیں۔ یہ کہنا مشکل نہیں ہوگا کہ کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے لاہور میں ہونے والے جلسے میں اچھا گراؤنڈ دیکھنے کو ملے گا۔ پاکستان تحریک انصاف کو آج تک یہ سمجھ نہیں آ سکی کہ جلسے عوامی طاقت کا مظاہرہ کرنے کے بجائے عوامی رابطے کا مظاہرہ ہوتے ہیں اور یہ جلسے ایک مخصوص سیاسی عمل سے گزر کر وقوع پذیر ہوتے ہیں اور اس سیاسی عمل کی بنیاد سیاسی رابطے ہوتے ہیں پاکستان تحریک انصاف اس سیاسی سوچ اور سیاسی رابطوں کو نظر انداز کئے بیٹھی ہے اور اس کے اکابرین سمجھتے ہیں کہ اس مشق کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہوتا یہی ان کی یکگا نا سیاسی سوچ ہے جس کی وجہ سے آج پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو بے پناہ مسائل کا سامنا ہے۔ جہاں تک تعلق وزیراعظم پاکستان عمران خان کا ہے انہیں ہر طرف سے ایسی باتیں بتائی جاتی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

وزیراعظم کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ کسی کے ساتھ زیادہ دیر تک یا زیادہ وقت تک کام نہیں کر پاتے۔ یا ان کے وزیر یا مشیر انہیں چھوڑ جاتے ہیں یا پھر وزیراعظم خود اپنا راستہ بدل لیتے ہیں ملک کی سب سے اہم اور سب سے خاص سیاسی شخصیت کے ٹیم میں اگر تسلسل نہ ہو تو اس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے اور آج کم و بیش ایسی حالات کا پاکستان تحریک انصاف کو سامنا ہے۔ وزیراعظم کے ارد گرد جو آتا جاتا لگا ہوا ہے اس کی وجہ سے پالیسیوں میں تسلسل نہ ہونے کے برابر ہے اور اس کا نقصان ملک و قوم کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ آج جب ملک کی سیاسی جماعتیں ایک پلیٹ فارم پر جمع ہیں اور حکومت یہ فیصلہ کرنے سے قاصر ہے کہ انہیں جلسہ کرنے کی اجازت دینی ہے یا جلسے میں جن لوگوں نے سامان مہیا کرنا ہے ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے یا پھر جو سیاسی رہنما اس سیاسی سرگرمی کا حصہ ہوں گے ان کے ساتھ کیا رویہ اختیار کرنا ہے اس سے بڑھ کر ابہام یا غیر مستقل مزاجی کیا ہو سکتی ہے۔ حکومت نے جان لے کہ سیاسی جلسے بھی رکا نہیں کرتے اگر روکنے کی کوشش کی جائے تو اس کا رد عمل شدید تر ہوتا ہے حکومت اگر یہ سمجھتی ہے کہ اپوزیشن بند گلی میں جا رہی ہے تو پھر وہ یاد رکھے کہ حکومت بھی ایک بند گلی کی طرف سفر کر رہی ہے اور اگر اس بند گلی سے راستہ نہ نکالا تو پھر نقصان کس کا ہوگا۔

شکریہ نوائے وقت

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 1597 نئی اسکیمات میں سے 1392 اسکیمات پی ڈی ڈبلیو پی اور ڈی ایس سی سے منظور ہوچکی ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز کے اجراء کے حوالے سے انہوں نے آگاہ کیا کہ اب تک جاری اور نئے منصوبوں کیلئے 28 ارب روپے سے زائد کے فنڈز کا اجراء کردیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا کہ 105 ترجیحاتی ترقیاتی منصوبوں میں سے 65 منصوبوں کی پی ڈی ڈبلیو پی اور ڈی ایس سی نے منظوری دیدی ہے۔ سیکرٹری خوراک نے اجلاس کو بتایا کہ رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں محکمہ خوراک کی 4 نئی اسکیمات شامل ہیں۔ محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے حکام نے اجلاس کو 12 جاری اور ایک نئی سکیم سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ فاریسٹ سکول کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، بلین ٹری سونامی پروگرام کے فیز-1 کے لیے 200 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری پراسیکیوشن نے اجلاس کو فارنزک سائنس لیب کے قیام کے منصوبے کی پیشرفت سے متعلق آگاہ کیا۔ اجلاس کو محکمہ بہبود آبادی، سماجی بہبود اور مذہبی امور کے نئے اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری سے متعلق پی ڈی ڈبلیو پی اجلاس کے انعقاد میں غیرضروری تاخیر اور عرصہ دراز سے جاری پرانی اسکیمات کی عدم تکمیل پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے ان اسکیمات کو جلد از جلد مکمل کرنے، جاری منصوبوں پر عملدرآمد کی پیشرفت میں اضافے اور نئے منصوبوں پر فوری عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 2

جائے۔ عمران خان نے کہا کہ اپوزیشن کی آوازیں جمہوریت کی فکر میں نہیں نکل رہی ہیں جو اپوزیشن لاک ڈاؤن نہ کرنے پر تنقید اور بھارت کی مثال دیا کرتی تھی وہ اب جلسے کررہی ہے، صحیح معنوں میں احتیاط نہ کی تو سردیاں گزارنا بہت مشکل ہوگا، کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنا ہماری پالیسی ہے، جب تک ہمارے ملک کی دولت نہیں بڑھے گی ہم ملک کے لوگوں کو غربت سے نہیں نکال سکتے، پاکستان کیلئے چین کا ماڈل اپنانا چاہتے ہیں ہم پوری طرح اپنی صنعتوں اور کاروباری برادری کی مدد دیں گے، جو بلدیاتی نظام لا رہے ہیں، پوری شہری حکومت ایک ہی جگہ ہوگی۔ بعد کو سیالکوٹ میں نئی ایئرلائن ایئرسیال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ میں کاروباری برادری سے ملنے آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایئرسیال کا افتتاح تو ایک بہانہ ہے اصل میں میں یہاں کی کاروباری برادری سے ملنا چاہتا تھا، سب سے پہلے تو انہوں نے یہ ایئرپورٹ بنایا جو بہت شاندار ایئرپورٹ ہے۔

شال بقیہ 3

کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 کیسسز کی تعداد 58 لاکھ 65 ہزار 944 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 963 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 26 ہزار 142 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اب تک سندھ میں ایک لاکھ 87 ہزار 684، پنجاب میں ایک لاکھ 24 ہزار 804، خیبر پختونخوا میں 50 ہزار 506، اسلام آباد میں 33 ہزار 420، بلوچستان میں 17 ہزار 540، آزاد کشمیر میں 7 ہزار 427 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 761 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 45 ہزار 324 ہوگئی ہے، جن میں سے 2 ہزار 498 کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 60 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 8 ہزار 547 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید ایک ہزار 797 افراد نے کورونا کو شکست دے دی ہے جس کے بعد اس وبا کے خلاف جاری جنگ جیتنے والے افراد کی تعداد 3 لاکھ 72 ہزار 271 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 4

ہوئے مظالم اور اس پر عالمی میڈیا اور اداروں کی تنقید سے توجہ ہٹانے کیلئے ایک اور فالس فلیگ (False Flag) آپریشن کی کوششوں میں مصروف ہے۔ ذرائع کے مطابق بھارت کسی بھی وقت اپنے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے پلوامہ ڈرامہ کی طرز پر لائن آف کنٹرول اور ورکنگ باؤنڈری پر کسی ایکشن کی تیاری میں مصروف ہے، جس کے بعد مسلح افواج کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 2016 میں بھی ہندوستان نے ناکام سرجیکل اسٹرائیکس کا دعویٰ کیا تھا، 26 فروری 2019 کو بھی بھارت نے ایک ایسے ہی ناکام آپریشن کی کوشش کی تھی، اور اب بھی بھارت بارڈر ایکشن یا سرجیکل سٹرائیک کا سہارا لے سکتا ہے۔ دوسری جانب بھارتی میڈیا بھی بالا آخر مودی سرکار کے خلاف بول اٹھا ہے، بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ ہندوستانیوں سے حقائق مت چھپاؤ، بھارت نے کارگل سے حاصل سبق کو بھلا دیا اور کارگل میں حقائق چھپائے تھے، جب کہ زیب داستان کی کہانیاں گھڑیں۔

شال بقیہ 5

سے نمٹنے کیلئے چاک چوبند متحرک رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ عوام کو بروقت سہولیات کی فراہمی سے نا صرف محکمے کا وقار بلند ہوگا بلکہ عوام کا اعتماد بھی بڑھے گا اس لیے ضروری ہے کہ عوام کی خدمت ہر ممکن یقینی بنائی جائے۔ پی ڈی ایم اے کو ڈویژن سطح پر فعال بنانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کو بھی وزیر داخلہ نے سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے احسن اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں موجودہ حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ عوام کی مشکلات کم کر کے سہولیات کی فراہمی عوام کی دہلیز پر ممکن بنائیں۔

شال بقیہ 6

ہے آئینی طور پر اپوزیشن کے استعفوں سے اسمبلیوں کو کوئی فرق نہیں پڑیگا امید ہے کہ اپوزیشن اپنی پرامن احتجاجی تحریک جاری رکھے اور عوامی مسائل پر بات کرنے کے لئے پارلیمنٹ کا رخ کرے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ایسا ایوان ہے جہاں پر اپوزیشن موثر انداز میں مسائل پر بات کر کے انہیں حکومت کے نوٹس میں لا سکتی ہے اگرچہ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن کا بہترین کردار رہا ہے لیکن حکومتی عدم توجہ کی وجہ سے اپوزیشن بھی مایوسی کا شکار ہے جس پر وزیر اعلیٰ کو ذاتی طور پر بھی آگاہ کیا ہے کہ حکومتی وزراء کی اسمبلی میں حاضری کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ صرف اسمبلی اجلاس بلانا اور اسکے نتائج صفر ہونا باعث افسوس ہے ہمیں چیزوں کو بہتر بنانا ہے، انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنا اپوزیشن کا جمہوری حق ہے۔

شال بقیہ 7

سونپی گئی ہے این سی او سی کو جس کے لیے ہم تمام ڈیٹا سائنس کا استعمال کرتی ہے اور ماہرین صحت ان کی رائے کو اہمیت دیتی ہے، ہم روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے آگے کی طرف دیکھتے ہوئے کچھ سفارشات دیتے ہیں اور کچھ این سی سی کے لیے گزارشات کرتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اکتوبر کے پہلے عشرے میں پوری دنیا تعریف کررہی تھی اور ہم باہر جاتا تھا تو لوگ مبارکباد دیتے تھے کہ مبارک ہو آپ نے کورونا پاکستان میں ختم کردیا اور ہر ایک کو بتانا پڑتا تھا کہ کم ہوا ہے، ختم نہیں ہوا، انہوں نے کہا کہ اس وقت جو اعداد وشمار آنا شروع ہوئے اس پر ہم نے 12 اکتوبر کو این سی سی کے اجلاس کی درخواست کی جس میں سفارشات رکھیں کہ عوام کی جانب سے حفاظتی تدابیر اختیار نہ کرنے کی وجہ سے ہمیں وبا کا پھیلاؤ بڑھتا ہوا نظر آرہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 12 اکتوبر کے ہفتے میں مثبت کیسز کی شرح صرف 2 فیصد تھی جبکہ پچھلے ہفتے یہ 7.8 فیصد ہوچکا تھا، یعنی چار گنا کا اضافہ ہوچکا ہے۔ اسد عمر نے بتایا کہ اس ہفتے یومیہ صرف 8 اموات ہورہی تھیں اور ہمارے پچھلے چند دن میں اوسطاً 60 سے زیادہ اموات ہورہی ہیں جبکہ ہسپتالوں میں داخل ہونے والے مریضوں اور آکسیجن پر موجود مریضوں میں چار گنا سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی طرح سے دیکھ لیں کیسز میں چار گنا سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، یہ صرف دو ماہ میں ہوا ہے اور یہ اس کے باوجود ہوا کہ ہم نے جو کچھ فیصلے کیے تھے ان پر عملدرآمد شروع ہوگیا ہے لیکن بدقسمتی عملدرآمد اس طریقے سے نظر نہیں آرہا جس طریقے سے پہلی لہر میں نظر آیا تھا۔ انہوں نے بڑے بڑے فیصلوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تمام تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی چھٹیوں کا اعلان کردیا گیا۔

شال بقیہ 8

کا تسلسل انتہائی قابل تشویش ہے، پاکستان نے ڈوزئیر کے ذریعے دہشت گرد کارروائیوں میں بھارت کے ملوث ہونے کے ٹھوس اور ناقابل تردید ثبوت دنیا کے سامنے پیش کر دیئے ہیں، بھارت کی ہندوتوا سوچ پر مبنی پالیسیوں نے پورے خطے کے امن واستحکام کو خطرات سے دوچار کردیا ہے، شاہ محمود قریشی نے کہا کہ کرونا وبا کے باعث معیشت کو درپیش مشکلات کو کم کرنے اور ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے معاشی سفارت کاری کو بروئے کار لا رہے ہیں، پاک چین اقتصادی راہداری منصوبوں کی بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے جبکہ افغانستان میں امن واستحکام پورے خطے کیلئے انتہائی ناگزیر ہے، پاکستان افغان امن عمل سمیت خطے میں قیام امن کیلئے اپنا مصالحانہ کردار خلوص نیت کے ساتھ ادا کرتا رہے گا۔

شال بقیہ 9

ہورہی ہیں کورونا کی دوسری لہر میں شدت آرہی ہے خدشہ ہے موسم سرما میں وبا کا عروج آئیگا دوسری لہر میں شرح اموات پہلی لہر سے زیادہ خطرناک ہے ہسپتالوں میں 24 مریض آکسیجن پر ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں انھوں نے کہا کہ دسمبر کے پہلے ہفتے میں کیسز کی شرح 11 فیصد سے زائد ریکارڈ ہوئی ہے نومبر کے مہینے میں کیسز کی شرح 7 فیصد تھی اس میں اضافہ کی صورتحال باعث تشویش ہے ترجمان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن جلسہ جلوس اور ریلیاں نکال رہی ہے رہنماؤں کے رویے سے عام لوگ مجبور ہے ہیں۔

شال بقیہ 10

شرکت کی نشست میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور یورپی یونین کے ذیلی ادارے نے سرمایہ کاری پالیسی کے ابتدائی ڈرافٹ کو حتمی شکل دی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فرمان زرکون نے کہا کہ سرمایہ کاری پالیسی بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی اولین ترجیح ہے جسے حتمی شکل دینے سے صوبے میں سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مقامی اور غیر مقامی سرمایہ کاروں کو مختلف شعبہ جات میں رہنمائی فراہم کی جاسکے گی، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت نے سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں بلوچستان سرمایہ کاری پالیسی کے نفاذ سے صوبے میں تجارتی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا۔

شال بقیہ 11

کو بارآور بنایا جاسکے اور عوام صحت کی سہولیات سے بہتر استفادہ کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی ایچ آئی اور نیوٹریشن پروگرام کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں پی پی ایچ آئی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزیز جمالی نیوٹریشن پروگرام کے صوبائی سربراہ ڈاکٹر محمد امین مندوخیل اور دیگر دیگر افسران بھی موجود تھے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ صحت کے شعبے میں پی پی ایچ آئی اور نیوٹریشن پروگرام کی افادیت غیر معمولی نوعیت کی حامل ہے دونوں اداروں کا دائرہ کار پورے صوبے کے تمام اضلاع تک ہے لہذا دونوں پروگرامز کو قریبی رابطہ کاری اور مشاورت کے عمل کو مزید بہتر بنانا ہوگا اور مشترکہ حکمت عملی مرتب کرکے درپیش مسائل کے حل کیلئے باہمی اقدامات تجویز کرنے ہونگے۔

شال بقیہ 12

متعلق خبر کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے صوبائی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کی خبر درست ہے، ہم پاکستان جمہوری تحریک کی سویلین بالادستی کی تحریک کی حمایت کرتے ہیں اور عوام سے گزارش کرتے ہیں موومنٹ کے جلوس جلسوں میں بھرپور شرکت کریں تحریک کو کامیاب بنائیں۔

شال بقیہ 13

کی نشست سے اپنا استعفیٰ پارٹی سربراہ سردار اختر جان مینگل کو ارسال کردیا، بعد کو بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 29 سے منتخب ہونے والے رکن صوبائی اسمبلی میر اختر حسین لانگو نے مستعفی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے اپنا استعفیٰ بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل کو ارسال کردیا ہے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے نام لکھے گئے استعفے میں انہوں نے کہا کہ پارٹی کے فیصلے کے مطابق بجلی، گیس، ادویات، آٹا، چینی، دالیں، پیٹرول، سبزیاں مہنگی کرنے اور ملک میں بے روزگاری اور لاقانونیت بڑھ جانے، میڈیا پر پابندیوں، اپوزیشن کے حلقوں میں مداخلت، علماء کی تذلیل غریب کو غریب تر کرنے پر میں اور میری جماعت کی اعلیٰ قیادت یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت سلیکٹڈ اور کرپٹ ہے اب یہ اس ملک وقوم پر بوجھ ہے اور اسے جانا چاہیے، ان حالات کے میں اپنی صوبائی اسمبلی کی نشست پی بی 29 سے مستعفی ہونے کا اعلان کرتا ہوں میرا جینا مرنا اس پارٹی کے ساتھ اور اپنی قیادت کے ہر فیصلے کا پابند ہوں اور ہر قدم پر پارٹی قائد کے ساتھ تھا اور رہونگا۔

شال بقیہ 14

تک تعطیلات ہونگی جن کے دوران معمول کے کیسز نہیں سنے جائیں گے، تفصیلات کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے نئی کورٹ میں 2 جنوری 2021 سے 20 فروری تک موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان کردیا اس دوران عدالت میں صرف اہم نوعیت کے کیسز کی سماعت ہوگی، موسم سرما کی تعطیلات کے دوران پہلے ہفتے میں جسٹس محمد اعجاز سواتی، دوسرے ہفتے میں جسٹس ظہیر الدین کاکڑ، تیسرے ہفتے میں جسٹس نذیر احمد لانگو، چوتھے اور پانچویں ہفتے میں جسٹس عبدالحمید بلوچ جبکہ چھٹے اور ساتویں ہفتے میں جسٹس روزی خان بڑیچ کیسز کی سماعت کریں گے نامزد ججز کی عدم موجودگی میں کوئٹہ میں موجود ججز اہم نوعیت کے کیسز کی سماعت کریں گے۔

شال بقیہ 15

کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات عبدالرحمن بزدار کو عہدے سے ہٹا کر انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 16

سعید اور وزارت کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ ٹاسک فورس کے شریک چیئرمین ڈاکٹر عطاالرحمان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس کو جائن کیا۔ سید امین الحق نے کہا کہ پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری بڑی تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے، وزارت آئی ٹی تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی و ٹیلی کام انڈسٹری کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، تمام پراجیکٹس کا ٹائم پر اور شفاف انداز میں مکمل ہونا بہت اہم ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی نے وزارت کے افسران کو تمام اسائنمنٹ ٹائم لائن کے ساتھ مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔

شال بقیہ 17

خادم حسین، اختر حسین بادشاہ، محمد صفدر شاکر، بلال فاروق تارڑ، عنیزہ فاطمہ اور عزالی سلیم بٹ شامل ہیں۔ دوسری جانب کئی اراکین اسمبلی مستعفی ہونے کے طریقہ کار سے ہی لاعلم نکلے، رکن قومی اسمبلی افضل کھوکھر، حبیب بھرت، سیف کھوکھر کو استعفے کے طریقہ کار کا علم ہی نہیں، بلال تارڑ، عنیزہ فاطمہ سمیت دیگر رولز آف پروسیجر سے لاعلم نکلے، کئی ارکان نے ٹائپ شدہ استعفے اسپیکر اور قیادت کے نام بھجوائے حالانکہ مستعفی ہونے کے لیے استعفیٰ ہاتھ سے لکھنے کی شرط ہے اور پرنٹ شدہ استعفیٰ قابل قبول نہیں ہوتا۔ یاد رہے کہ پی ڈی ایم کے 8 دسمبر کو ہونے والے سربراہ اجلاس میں اپوزیشن اراکین کو 31 دسمبر تک اپنے استعفے قیادت کو جمع کروانے کی ہدایت کی گئی۔

شال بقیہ 18

ادا کرسکیں۔ شہباز گل نے کہا کہ ن لیگ نے ہم سے چالیس فیصد زیادہ قرضے لیے تھے جبکہ ہم نے ان سے ستر فیصد زیادہ قرضے واپس کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں کہ ماڈل ٹاؤن جیسی خون ریزی ہو، آپ جلسہ کریں اور ہم آپ کو گھاس کاٹ کر دیں گے، یہ جلسے کرکے معیشت خراب کرنا چاہتے ہیں۔ شہباز گل نے کہا کہ یہ لوگ استعفے دیں وہاں ضمنی انتخابات ہوں گے، وزیراعظم عمران خان استعفوں سے اور بھی مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں خواجہ آصف سے گزارش کرتا ہوں کہ اس دفعہ الیکشن میں مسیج مت کرنا۔

شال بقیہ 19

گیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق 1971 کی جنگ میں پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے بہادری کی عظیم تاریخ رقم کی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق 1971 میں آج ہی کے دن پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے بھارتی بحریہ کے جنگی جہاز ککری کو غرقاب کیا اور دوسرے جہاز کرپان کو مفلوج کر دیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق دوسری جنگ عظیم کے بعد یہ پہلا واقعہ ہے جس میں کسی آبدوز نے بحری جہاز کو نیست و نابود کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق بحری معرکوں میں پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور کا یہ کارنامہ ہمارے دشمنوں کو بھی نہ بھولے گا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ کی جانب سے 4 مارچ 2019 کو دشمن کی آبدوز کا سراغ لگا کر اسے اپنے پانیوں میں واپس دھکیل دینے کا واقعہ بھی دشمن کیلئے شدید ہزیمت کا باعث ہے۔

شال بقیہ 20

دو نہیں ہوگا۔ اپنی ٹوئٹ میں فواد چوہدری نے کہا کہ ان کی اسپیکر قومی اسمبلی سے بات ہوئی، ان کے مطابق استعفے صرف میڈیا پر ہی چل رہے ہیں ایک بھی رکن اسمبلی نے اسمبلی سیکرٹریٹ کو استعفیٰ نہیں بھیجا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن اور مریم بی بی جو چاہتے ہیں وہ نہیں ہونا، تلخیاں کم کرنے کی ضرورت ہے مسئلہ جلسوں سے نہیں مجھ سے حل ہونا ہے۔

شال بقیہ 21

جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ قرض کی منظوری ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے بورڈ نے دی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ قرض دو مختلف منصوبوں کے لیے دیا گیا ہے، 20 کروڑ ڈالر سندھ ریزیلینس پراجیکٹ کے لیے دیے جائیں گے، منصوبے کی رقم سیلاب اور خشک سالی پر قابو پانے کے لیے فراہم کی جائے گی۔ ورلڈ بینک اعلامیے میں کہا گیا کہ منصوبے سے قدرتی آفات پر قابو پانے کے لیے شعبہ صحت کو بہتر کیا جائے گا۔

شال بقیہ 22

ہوا جسمیں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور مریم نواز شریف کے علاوہ یوسف رضا گیلانی، راجہ پرویز اشرف، شاہد خاقان عباسی، شیری رحمن، پرویز رشید، احسن اقبال، مریم اورنگزیب اور مولانا اسعد محمود بھی موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 23

پر رجسٹرار آفس کو اسلام آباد، راولپنڈی اور کراچی بار کی درخواستوں پر اعتراضات سے متعلق وکلا کو آگاہی نوٹس جاری کرنے کا حکم دیدیا۔ عدالت عظمیٰ میں جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے سپریم جوڈیشل کونسل کے فیصلے کے خلاف شوکت عزیز صدیقی کی درخواست پر سماعت کی۔ بینچ کے دیگر اراکین میں جسٹس سردار طارق مسعود، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس مظہر عالم میاں خیل اور جسٹس سجاد علی شاہ شامل ہیں۔ سماعت کے دوران جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیے کہ یہ بڑا کیس ہے، چاہتے ہیں کہ وکلا کو تسلی سے سن کر فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ بینچ اگر 4 اراکین سے زیادہ ہو تو معمول کے مقدمات متاثر ہوتے ہیں، جس پر شوکت عزیز صدیقی کے وکیل حامد خان نے کہا کہ میرے موکل شوکت عزیز صدیقی اگلے سال ریٹائر ہوجائیں گے، چاہتے ہیں کیس کا فیصلہ جلد ہو جائے۔

شال بقیہ 24

ورزی ہے۔ انہوں نے بھارت کی طرف سے کشمیری عوام کے اس بنیادی حق کی خلاف ورزی پر دنیا کی مجرمانہ خاموشی کی مذمت کی۔ میرواعظ عمر فاروق کی سرپرستی میں قائم حریت فورم، سید بشیر اندرابی، شبیر احمد ڈار، خواجہ فردوس، محمد اقبال میر، زمرودہ حبیب، عبدالقدیر اور جموں وکشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی سمیت حریت رہنماؤں اور تنظیموں نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ بھارت نے اپنے زیر قبضہ جموں وکشمیر کو عملی طور پر ایک فوجی چھاؤنی میں تبدیل کردیا ہے جہاں اس کے فوجی بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی پامالیوں میں ملوث ہیں۔

شال بقیہ 25

اشرافیہ ان ممالک کی دولت کو امیر ممالک اور آف شور کمپنیوں میں منی لانڈرنگ کر کے غریب کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 26

فیصلے کروا کر مودی بنتا ہے یا پاکستان کو کشمیر بنتا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ انہوں نے اپنا استعفیٰ آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع کے وقت سے پارٹی قیادت کے حوالے کردیا ہوا ہے جمعیت علماء اسلام کے ارکان قومی اسمبلی کے بعد صوبائی اسمبلی کے ارکان استعفیٰ صوبائی پارلیمانی لیڈر کو دیں گے جو یہ استعفے مرکزی قیادت کے حوالے کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت کی باتوں، دھمکیوں اور بے بنیاد دعووں سے پی ڈی ایم کی تحریک متاثر نہیں ہوگی بڑی بڑی باتیں کرنے پر پاکستان میں کوئی پابندی نہیں ہے۔

شال بقیہ 27

کیا گیا۔ اجلاس میں 13 دسمبر کو لاہور اور 27 دسمبر کو لاڑکانہ میں پی ڈی ایم کے جلسوں کے حوالے سے مشاورت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق مشاورتی اجلاس میں اسمبلیوں سے استعفوں سے متعلق حکمت عملی پر بھی بات چیت کی گئی۔

شال بقیہ 28

خان ساتکزئی سردار زادہ شائستہ خان ساتکزئی میر اعظم ساتکزئی حاجی تاج محمد سالاری نوجوان سالاری اتحاد پچھ کے رہنما میر گل باران سالاری خدائے رحیم بلوچ اور قبائلی رہنما میر حاجی منگے خان رائیجہ معتبرین مری قبائل سابقہ کونسلر نور بخش بلوچ واجہ رئیس بلوچ ودیگر علاقائی معززین معتبرین بھی موجود تھے وزیر تعلیم نے اپنے اس دو روزہ دورے کے موقع پر مختلف جاری ترقیاتی اسکیمات کا دورہ بھی کیا اور سردار شیر باز خان ساتکزئی حاجی تاج محمد سالاری ماما رحیم خان سالاری کے گھر جاکران سے تعزیت کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ سابقہ ادوار کا کرپشن کا یکدم خاتمہ ممکن نہیں ہے انہوں نے ریلوے کوارٹرز اور اراضی پر غیر مقامی قبضوں اور مجرمانہ طور پر منشیات فروشی ودیگر جرائم میں ایسے استعمال کرنے پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 29

پاس جمع کروانے کا اعلان کار خیر ہے جس میں جمعیت علماء اسلام کے پارلیمانی لیڈر اور قائد حزب اختلاف کے طور پر سب سے پہلے حصہ ڈالونگا انہوں نے کہا کہ اس وقت کوئٹہ سے باہر ہوں جوں ہی کوئٹہ پہنچا پارٹی قیادت کو استعفیٰ ارسال کردونگا جبکہ پارٹی کے دیگر ارکان بھی قیادت کی ہدایت پر فل الفور استعفیٰ قیادت کو ارسال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے تمام ارکان اسمبلی ایک پیج پر ہیں پی ڈی ایم کی قیادت نے جو بھی فیصلہ کیا اس پر ہم من وعن عمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نااہل حکومت نے عوام کو مسائل کا شکار کردیا ہے۔

شال بقیہ 30

ہمارا ملک پہلے ہی سیاسی معاشی اور جمہوری طور پر کمزور ہوچکا ہے ملک کو بندگلی کے جانب لے جانے والوں کا حشر عنقریب قوم دیکھے گی انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان پی ڈی ایم کے سربراہ ہیں انہوں نے اسمبلیوں سے استعفوں سے متعلق جو اعلان کیا ہے اس پر پوری پی ڈی ایم کا مکمل اتفاق ہے ہم کسی صورت اپنے استعفے واپس نہیں لینگے حالانکہ پی ٹی آئی نے استعفوں کے باوجود اپنی تنخواہیں اور دیگر مراعات بھی وصول کرتے رہے جو کہ باعث شرم تھا

شال بقیہ 31

ہال کی ابتر صورتحال اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کے نوٹس میں لائی تھی جس کے بعد اسپیکر نے میڈیا ہال کا دورہ کرکے ان کے اہم نوعیت کے مسائل فوری طور حل کرنے کی ہدایت کی تھی بعد کو اسمبلی حکام کی جانب سے اسمبلی کے میڈیا ہال میں پرانے ٹیلی وژن سیٹ کو تبدیل کرکے ایل ای ڈی نصب کردی گئی جبکہ ہال میں نئی کرسیاں رکھوانے کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر فعال کردیئے گئے جس سے صحافیوں کو درپیش مسائل اہم مسئلہ حل ہوگیا ہے اسمبلی حکام کا کہنا ہے کہ میڈیا ہال ہے ودیگر مسائل بھی بتدریج حل کئے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 32

ایسوسی ایشن، سہیل محمود، ایگزیکٹو ممبر محمد اسحٰق، علمدار حسین، محمد ایوب اور افضل عباس شامل تھے۔ چیئرمین نیب نے وفد کو بتایا کہ بدعنوانی کے متعلق شہریوں کی شکایات سننے کے لئے ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کھلی کچہری لگانے کا فیصلہ کیا۔ نیب نے نہ صرف سینکڑوں شہریوں کی شکایات سنی ہیں بلکہ نیب کو ہزاروں شکایات موصول ہوئی ہیں جو کہ 2019 کے مقابلہ میں دوگنا ہیں۔ نیب غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائیٹیز اور مضاربہ سکینڈل میں بھی کارروائی کر رہا ہے۔ چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ نیب بزنس کمیونٹی کے سیلز اور انکم ٹیکس سے متعلق مقدمات کی پیروی نہیں کررہا۔

شال بقیہ 33

سرحدوں پر فوجی تعطل تعلقات کے تناؤ کا واضح مظہر ہے۔ چین کی جانب سے اس فیصلہ کا اعلان گزشتہ روز کیا گیا، اس فیصلہ کی رو سے چین نے بھارت کے ساتھ تمام یادگاری ڈاک ٹکٹ منسوخ کرتے ہوئے ہندوستان کے ساتھ مشترکہ طور پر یادگاری ڈاک ٹکٹوں کے اجراء کے منصوبوں کو بھی منسوخ کردیا ہے۔ چین کے اسٹیٹ پوسٹ بیورو نے ہندوستان کے ساتھ 2020 میں باہمی تعلقات کے 70 ویں سال کے طور پر منانے کیلئے اپریل میں مشترکہ طور پر ڈاک ٹکٹ شروع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا، جس کی رو سے چین کے صوبے گانسو کے ایک مشہور مقام موگاؤ غاروں کو اجاگر کرنے والا ایک خصوصی ڈاک ٹکٹ بنایا جانا تھا، اس فیصلہ کا مقصد بدھ مت کے پیروکاروں کا دونوں ممالک کی ثقافت کے بارے میں آگہی دینا تھا۔ چین کی جانب سے مزید تفصیل سے آگاہ نہیں کیا گیا، واضح رہے کہ چین اور بھارت کے مابین سفارتی تعلقات جون سے ہی تناؤ کا شکار ہیں جب چین کے فوجیوں نے چٹانوں اور کلبوں کے استعمال سے حملہ کرنے کے بعد مغربی ہمالیہ پر قبضہ کرلیا تھا۔ اس حملے میں کم از کم 20 ہندوستانی فوجی ہلاک ہوگئے تھے۔

شال بقیہ 34

ملزم لوگوں کے پیسے واپس کرتا ہے تو ضمانت ہوگی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اپنایا کہ ہمیں مشاورت کا وقت دیا جائے۔ عدالت نے ملزم محبوب علی کی درخواست ضمانت پر کارروائی دس روز تک ملتوی کردی۔

شال بقیہ 35

بات انہوں نے بی این پی کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 72 سالوں سے بلوچستان پر راج کرنے والے حکمرانوں نے سندھ کے راجہ داہر اور لاہور کے بناری ٹھگوں کے ساتھ ملکر بلوچستان اور انکی عوام کے ساتھ بدترین سیاسی اور معاشی کھلواڑ کیا جسکے نتیجے میں صوبہ اور انکی عوام تعلیمی معاشی پسماندگی بدامنی لاقانونیت کے گرداب میں پھنستے چلے گئے آج ماضی کے یہی ناکام سیاسی پنڈت اپنے نامہ اعمال کا حساب کتاب دینے کی بجائے بلوچستان کی عوام دوست حکومت کے خلاف منفی پروپیگنڈہ اور ترقیاتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی بھونڈی اور ناکام کوشش میں مصروف ہیں بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت گرانا دیوانے کا خواب ہے۔

شال بقیہ 36

حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی ہر سطح پر شمولیت کے مواقع فراہم کریں، اور ان کی ہر سطح پر اعانت کی جائے خواتین بھی برابری کا حق رکھتی ہیں فیصلہ سازی کے ساتھ ساتھ تمام امور میں خواتین کی شمولیت کو یقینی بنانے کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔

شال بقیہ 37

تفریق کیوں کی جاتی ہے۔ رشید اے رضوی وکیل ڈاکٹر ذاکر شاہ نے کہا کہ میرا موکل 20 ماہ سے جیل میں ہے، صرف میرے موکل کو پکڑا گیا باقی ملزمان آزاد ہیں۔ رشید اے رضوی نے کہا کہ تعلیمی کنسٹرکشن کے ای اور زین ملک ہیں، میرے موکل نے قانونی طریقے سے پلاٹ خریدا، اس وقت احتساب کا زمانہ تھا۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا کہ آج بھی احتساب کا موسم ہے۔

شال بقیہ 38

عبدالمالک عیسیٰ زئی کے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کی بلڈنگ کی تعمیر، کلی ملک حاجی پرائے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کے دو کمروں جماعت کی تعمیر، کلی ماتزئی گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کے بلڈنگ کی تعمیر، کلی حاجی کاریز گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کی چاردیواری کی تعمیر، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلی ہکٹ کے نئے ماڈل بلڈنگ کی تعمیر، گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کلی اختر محمد برگز میں دو کمروں کی تعمیر، کلی ملک سفر گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول میں دو کمروں کی تعمیر، بلیک ٹاپ روڈ کلی ساکوڑئی سے کلی دیوانہ کلی شیرک پیچ کلی بازو کلی حاجی کاریز کلی داماں تھانہ کلی فتح خان کی تعمیر و دیگر ترقیاتی اسکیمات شامل ہیں۔

شال بقیہ 39

سے انسانیت کا رشتہ کمزور ہوگا اور دنیا بدامنی کی طرف بڑھے گی۔ بعد کو یہاں بین المسالک اور بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کے عنوان سے گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس فکری نشست کے منتظمین کا شکرگزار ہوں، امید ہے کہ یہ کانفرنس مثبت اور اچھی تبدیلیوں کا باعث بنے گی۔ انہوں نے مولانا عبدالخبیر آزاد کے بین المسالک اور بین المذاہب ہم آہنگی کے حوالہ سے کردار کو سراہا اور کہا کہ یورپی یونین کی سفیر اور ان کی ٹیم کے بھی شکرگزار ہیں یہ امن کی نیک خواہش کا اظہار، امن کا پیغام اور ساری انسانیت کیلئے سلامتی کا بیانیہ ہے۔

شال بقیہ 40

دوسرا اور تیسرا راستہ موجود ہے جو کسی کو نہیں بتائیں گے، جلسہ ہو کر رہے گا، چہ مگوئیاں تحریک کو تقویت پہنچاتی ہیں جلسے، مظاہرے، ریلیوں کے حوالے سے شیڈول طے کیا جائیگا شٹر ڈاؤن ہڑتال کب ہوگی؟ پہیہ جام کب ہوگا؟ اسلام آباد کی طرف مارچ کس وقت کرینگے، یہ جتنے بھی مراحل آئیں گے ان میں استعفوں کا تذکرہ ہوتا رہے گا جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھی واضح کیا ہے کہ موجودہ حکومت کو گھر بھیجنے کیلئے ہر طرح کا ہتھیار استعمال کرنے کو تیار ہیں۔

شال بقیہ 41

امداد کے ثبوت سے فرار ہی تو ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم قوم کو بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ملازمین کی حکومت سے نجات دلائیگی۔ انہوں نے کہا کہ لاہور جلسہ عوامی عدالت پی ڈی ایم کے حق میں آخری فیصلہ دے گی، نیا سال آئین کی بالادستی جمہوری آزادیوں اور پارلیمنٹ کے وقار کی نوید ثابت ہوگا، مزدور، محنت کش کسان کاشتکار تاجر عوام دشمن ٹولے سے چھٹکارا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 42

ہے معاشرے کے ہر فرد خصوصاً تعلیم یافتہ نوجوانوں کو کرپشن کی نشاندہی کر کے اس کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم انسداد بدعنوانی (اینٹی کرپشن ڈے) کے موقع پر محکمہ اینٹی کرپشن کے زیراہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا سیمینار سے ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نصیرآباد ڈویژن شاہ زمان، پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو، سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا تقریب کے مہمان خاص ڈی آئی جی نصیرآباد رینج شہاب عظیم لہڑی تھے سیمینار اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں انعقاد کیا گیا جس میں ایس ایس پی نصیرآباد عبدالحئی عامر بلوچ، ایس پی ہائی وے عبدالعزیز سرپرہ، اسسٹنٹ کمشنر غلام حسین بھنگر، سرکل آفیسر اینٹی کرپشن مختیار احمد بہرانی، سمیت دیگر مختلف محکموں کے آفیسران، ومختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی سیمینار سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس معاشرے میں کرپشن کا ماحول ہو وہ علاقہ یا ملک کبھی بھی ترقی پذیر نہیں ہوسکتا اور اس کی جڑیں کھوکھلی ہوتی جاتی ہیں۔

شال بقیہ 43

ڈوڈا پور کے قریب احساس کفالت سینٹر کے ایجنٹ جمیل احمد شاہ سے دو نامعلوم مسلح ملزمان نے 12 لاکھ نقدی موٹرسائیکل اور موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے۔ ڈکیتی کی واردات پر احساس کفالت سینٹر انتظامیہ نے جیکب آباد گڑھی خیرو مین روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا اور تاحال بھی نذر آتش کیئے احتجاج کے باعث آنے اور جانے والی ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی۔

شال بقیہ 44

میں ناکام ہوچکی ہے دن دیہاڑے مسافروں کو سرِ روڈ لوٹ مار کر کے ڈاکو سرعام فرار ہونے میں کامیاب ہوجاتے ہیں لیویز فورس بھی عوام اور مسافروں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے اور عوام کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے انھوں نے مطالبہ کیا ہے ڈھاڈر تا سبی روڈ پر عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے انھوں نے کوئٹہ وین کے مالکان سے بھی مطالبہ کیا ہے کوئٹہ سے گنداواہ آتے ہوئے نوتال روڈ پر وین کو چلائیں تاکہ عوام لٹنے سے بچ جائیں۔

شال بقیہ 45

پر اختتام پذیر ہوئی۔ سیمینار سے ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ اینٹی کرپشن خالد احمد گولہ، سماجی رہنما عزیز پٹھان نے بھی خطاب کیا۔ سیمینار میں ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر منظور احمد تگی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کلیم اللہ مندوخیل، ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر سید عبدالباری، ایکسین پی ایچ ای سید جہانگیر شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بوری عطاء الشمیم بلوچ اور دیگر آفسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہمارا تعلق اسلام سے ہے اور اسلام نے ان تمام حرام چیزوں سے منع کیا ہے۔ اگر ہم قرآن پاک کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں تو ہم ان تمام بدعنوانوں سے بچ سکتے ہیں۔ بدعنوانی کسی بھی شکل میں ہو وہ معاشرے کیلئے ایک ناسور کی حیثیت رکھتی ہے جس کی خاتمے کیلئے ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 46

موجودگی کا بھی نوٹس لیا انہوں نے کہا کہ جو آفیسر مہم کی نگرانی نہیں کرتے انہیں شوکاز نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی مقصد ہے ہم سب کو پولیو کے خاتمے کے لئے کوششیں کرنی چاہیئے انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد پولیو کے خاتمے کیلئے ایک جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے بلوچستان سے انشاءاللہ ہر حال میں پولیو کا خاتمہ کیا جائے گا کیونکہ اس موذی اور خطرناک مرض کی وجہ سے ہمارے بچے مستقل معذور ہورہے ہیں اور ہمارا مستقبل خطرے میں ہے پولیو ایک ناسور ہے اس موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 47

ہوئی جیل روڈ چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی جہاں بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد معاشرے کو کرپشن سے پاک کرنے کے عزائم کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات اٹھانے ہیں جن سے کرپشن کی مکمل روک تھام ہو انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا بدعنوانی جیسے ناسور کی روک تھام کے لیے آگاہی مہم کے ساتھ ساتھ عملی اقدامات بھی کرنے ہوں گے انہوں نے کہا کہ جن معاشروں میں انصاف نہیں ہوتا ان میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے میرٹ کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ ہمارا مستقبل محفوظ بن سکے۔

شال بقیہ 48

سے سردار نعیمی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے متفرق درخواست کی نقول حاجی دلبر خان ناصر کو فراہم کرنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کردی قبائلی رہنما حاجی دلبر خان ناصر کی جانب سے سید ایاز ظہور ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے واضح رہے کہ ایس پی شیر علی ہزارہ کے خلاف ایڈیشنل سیشن جج ژوب نے بائیس اے کے تحت شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا تھا۔ سابقہ سماعت پر ڈویژنل بینچ نے ایڈیشنل عدالت کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے درخواست باقاعدہ سماعت کے لئے منظور کی تھی۔

شال بقیہ 49

کئے گئے۔ ایگریمنٹ پر جامعہ کے وائس چانسلر ڈاکٹر شفیق الرحمان اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے محمد ممنون حمید اور ذوالفقار جہانگیر نے دستخط کئے۔

شال بقیہ 50

ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ کی ہدایت پر اے سی حبیب احمد لہنگلزی نے عطائی ڈاکٹروں کے کلینک پر اچانک چھاپے مارے۔ چھاپوں کے دوران انکے ہمراہ ڈاکٹر سلطان زرکون، ژوب پریس کلب کے رابطہ سیکرٹری علی معصود اور لیویز فورس کے اہلکار بھی ہمراہ تھے۔ چھاپے گرلز ہائی اسکول کے قریب، ژوب کھجوری روڈ اور مسجد روڈ میں عطائی لیڈی ڈاکٹروں کے کلینک پر مارے گئے۔

شال بقیہ 51

محکمہ کوششوں کے بعد وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا اور اپنے حق کے لئے درخواست دی وفاقی محتسب کے حکم پر متعلقہ محکمہ نے فوری کارروائی کرکے مسمی رحمت اللہ کو اس کے جی پی فنڈ کی ٹوٹل رقم Rs.181407/- ادا کی مسمی رحمت اللہ وفاقی محتسب کے بروقت کارروائی کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ اس کی شکایت کی بروقت دادرسی کی اور اسے اس کا حق دلوایا گیا۔

شال بقیہ 52

بلوچ کی گرفتاری ہے اور اسکے ایک دن بعد مزید دو بلوچ افسران کو نیب نے گرفتار کیا ہے کورونا فنڈ میں کرپشن کرنے والے سابق ڈی جی کو گرفتار کرنے کی بجائے ان کو اہم اسامی پر تعینات کیا گیا ہے قومی احتساب بیورو کی جانب سے ایسے اقدامات سے کرنے اور ایک مخصوص طبقے کو نشانہ بنانے کا عمل احتساب کے عمل پر سوالیہ نشان ہے عدلیہ اس بارے نوٹس لے بلوچستان میں نیب کی بے جا گرفتاریوں سے بیوروکریسی میں تشویش پائی جاتی ہے جسے دور کرنے اور حکومتی امور کو چلانے کیلئے اعلیٰ حکام کو غور وفکر کرنا ہوگا تاکہ بیوروکریسی ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کیلئے اقدامات کرسکے کیونکہ بیوروکریسی میں پکڑ دھکڑ کا عمل ترقیاتی منصوبوں کو جمود کا شکار بنا سکتا ہے۔

شال بقیہ 53

ہیں۔ رشوت لینے اور دینے والے دونوں مجرم اور جہنمی ہیں، اس ناسور کے خاتمے کے لئے شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ کرپشن کے خاتمے کے لئے عام افراد تک آگاہی کے حوالے سے شعور بیدار کرنے کے لئے ہر پاکستانی کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ کرپشن کے خاتمے کے لئے بنائے گئے محکموں پر سیاسی اثرات ختم کئے جائے اور انہیں کرپشن سے پاک کیا جائے۔ ان محکموں میں فرض شناس افسران مقرر کئے جائیں۔ ملک کے روشن مستقبل کے لئے کرپشن کا خاتمہ لازمی عنصر ہے۔ ہر پاکستانی نہ کرپشن کرے نہ کرپشن کرنے دے۔

شال بقیہ 54

گھر جاکر اس سے ملاقات کی اور اس کی تیمارداری کی، اس موقع پر نواں کلی اتحادی کمیٹی نے اس کا علاج کراچی میں کرنے کا اعلان کیا اور گزشتہ روز اس کو علاج کے لئے کراچی روانہ کردیا جس کے ساتھ اس کا بھائی اور کمیٹی کا ایک ممبر بھی گیا۔

شال بقیہ 55

ہے۔ جس کا ہر حال میں تدارک کیا جانا بے حد ضروری ہے سیمینار میں ڈویژنل وضلعی آفیسران کے علاوہ سول سوسائٹی کے لوگ شریک تھے مقررین نے کہا کہ انسداد بدعنوانی کا یہ دن ہمیں ہر سال بدعنوانی کے سنگین نقصانات کی یاد دہانی کراتا ہے۔ یہ دن معاشرے پر بدعنوانی کے منفی اثرات کو اجاگر کرنے سمیت دنیا بھر کے تمام ممالک میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے منایا جاتا ہے اس وقت پاکستان کو دہشت گردی، توانائی بحران سمیت کرپشن کے خاتمے کا چیلنج بھی درپیش ہے۔ اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے تمام مکاتب فکر کے لوگوں کی مدد بے حد ضروری ہے کیونکہ وطن عزیز کی ترقی اور خوشحالی کے لیے بدعنوانی کا خاتمہ ضروری ہے۔

شال بقیہ 56

آگاہی دیتا ہے اور کرپشن کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہے اگر ایک چھوٹا سا شخص کرپشن کر کے اسے ہم بہت جلد پکڑ میں لاتے ہیں مگر بڑے بڑے مگرمچھ جو اربوں کھربوں کا کرپشن کرتے ہیں جس سے ہمارے ملک کو معاشی حوالے سے نقصان پہنچتا ہے اسے ہمیں روک نہیں سکتے ہیں وہ با آسانی اپنی بچاؤ کرتا ہے کرپشن کو ختم کرنے کے لیے ہم اپنی گھروں سے اعادہ کریں اور ہر چھوٹے بڑے کو کرپشن کی نقصانات کا شناخت ہوں یہ کرپشن صدیوں سے چلا آرہا ہے اسے ہم ایک دن میں ختم نہیں کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 57

قیام کے لئے عملی اقدامات کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق سوراب میں چوری اور ڈکیتی کی واقعات پر قابو نہ پایا جاسکا، شہری بدستور چور اور ڈکیتوں کے رحم وکرم پر ہیں منگل اور بدھ کے درمیانی شب مسلح افراد قومی آرسی ڈی شاہراہ پر واقع پٹرول پمپ پر دھاوا بول دیا اور مالکان کو لوٹنے کی کوشش کی مزاحمت پر رہزنوں کی فائرنگ سے محمد ابراہیم اچکزئی نامی شخص شدید زخمی ہوگئے جسے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال سوراب منتقل کردیا گیا جبکہ فائرنگ کے بعد ملزمان باآسانی فرار ہوگئے اور پولیس ان کی گرفتاری وکھوج لگانے میں حسب روایت ناکام، شہری بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات سے عدم تحفظ میں مبتلا ہیں۔

شال بقیہ 58

والے بی اے اور بی ایس سی کے امتحانی مرکز کے دورہ کرنے کے موقع پر لوگوں سے بات چیت میں کیا انہوں نے کہا کہ امتحانات کے دوران یقیناً بوٹی مافیا سرگرم ہوجاتی ہے جس کی روک تھام کے لیے کمرہ امتحانات میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کے داخلے کو ممنوع قرار دیا گیا ہے جبکہ سینٹروں کے اطراف 400 گز کی حدود میں مشکوک افراد کی نقل وحمل پر بھی سختی کی گئی ہے جبکہ نقل ایک ایسا معاشرتی ناسور ہے جو ہماری نئی نسلوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے جس سے نوجوانوں کی صلاحیتیں ماند پڑ رہی ہیں۔

شال بقیہ 59

ملزم سہیل سکنہ کراچی کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 1050 گرام چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔

شال بقیہ 60

کیلئے قرآن خوانی، فاتحہ خوانی اور دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ جہانیاں سمیت دیگر شہروں میں مختلف تقریبات میں شہداء پشاور کی یاد میں شمعیں روشن کی جائیں گی جبکہ مختلف سیمینارز اور تقریبات میں آرمی پبلک سکول پشاور کے معصوم شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سرگرم عمل پاک فوج اور شہداء کے لواحقین سے یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا

شال بقیہ 61

موقع پر جمعیت کے رہنماں حافظ محب اللہ ناصر، سیکریٹری اطلاعات عزیز اللہ قریشی، حافظ سعد اللہ لانگو، حافظ خدا بخش، حافظ قاسم محمد حسنی، محمد طاہر، محمد نعیم، مولوی غلام حیدر لانگو اور دیگر نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایک ٹیسٹ وانٹرویو کے بعد 17 مہینے بعد آرڈرز جاری کیے گئے اس کے علاوہ ٹائپنگ اور کمپیوٹرز کی سند اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ رکھنے والے امیدواروں کو مکمل طور پر نظرانداز کرکے لہذا جمعیت علمائے اسلام منگچر ناانصافی پر مبنی تقرریاں نامنظور کرتی ہے اور متاثرہ امیدواروں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتی ہے۔

شال بقیہ 62

میں کہا کہ وزارت داخلہ کی جانب سے صوبوں کو مراسلے بھیجنا بدنیتی پر مبنی ہے انصار الاسلام کیرضاکاروں پر اعتراض کرنا تنگی آئین پر اعتراض کرنے کے مترادف ہے۔ جمعیت کے رضاکار اس جیسے ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہوگے وزارت داخلہ کو چاہیے تھا کہ ملک کیطول وعرض میں جو قاتل اور مسلح گروہیں دن دھاڑے مسلح لوگ وزارت داخلہ کو کیوں نظر نہیں آرہے وزارت داخلہ کیلئے مناسب اقدام یہ ہے کہ ملک میں چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف مراسلے بھیجے حکومت میں چور وزراء کے خلاف قانون کیوں خاموش ہے ملک میں نبوت کے دعوہ کرنے والوں کیخلاف کارروائی کرنے سے کیوں قاصر اور کونسی مجبوری کے تحت لاجواب ہے۔

شال بقیہ 63

سماعت مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کے پلیڈر محمد نواز چوہدری ایڈووکیٹ نے حاضری مکمل کرائی۔

شال بقیہ 64

ہے اب اپوزیشن جماعتوں کی لیڈر شپ ایک نئے امتحان سے گزر رہی ہے مگر انہیں کچھ نہیں آرہی ہے کہ محاذ آرائی سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا حکومت گیرانا بچوں کا کام نہیں اپوزیشن جماعتیں ہر روز جلسے بھی کرلیں ان شاء اللہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔

شال بقیہ 65

ڈائریکٹر انسداد بدعنوانی منیر احمد کھوڑو سکھر 9 دسمبر 2020 انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر سکھر میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ انسداد بدعنوانی سکھر کی جانب سے میونسپل اسٹیڈیم تا پریس کلب تک آگاہی واک کی گئی۔ واک کی قیادت کمشنر سکھر ڈویژن شفیق احمد مہیسر، ڈپٹی کمشنر سکھر رانا عدیل تصور، ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سکھر منیر احمد کھوڑو نے کی۔

شال بقیہ 66

بڑھکوں تک محدود ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو یہ درد ہے کہ حکومت اور تمام ادارے ایک پیج پر کیوں ہیں اور ملک کے دیرینہ مسائل حل کرنے کی جانب کامیابی سے پیشرفت کیوں کررہے ہیں۔

شال بقیہ 67

ساسولی قلات جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع قلات کے ضلعی صدر فضل اللہ عمرانی ضلعی جنرل سیکرٹری اسرار احمد ساسولی سینئر نائب صدر قاری غلام صادق جتک صدام حسین عمرانی محمد عارف نظام الدین عمرانی نصیب الرحمن مینگل حافظ صفی اللہ جتک صادر علی محمد حسنی ودیگر نے اپنے مشترکہ جاری کردہ اخباری بیان میں کہا کہ نان ٹیچنگ اسٹاف کے پوسٹوں پر میرٹ کی پامالی کرکے مخصوص لوگوں کو باعث تشویش عمل ہے۔

شال بقیہ 68

مطابق تقریباً سات سال قبل صحبت پور کو ضلع کا درجہ ملنے ساتھ ہی مانجھی پور کو تحصیل کا درجہ دیا گیا لیکن تا حال مانجھی پور میں اس ترقی یافتہ جدید دور میں مسائل کے انبار لگے ہوئے ہیں جس میں ایک مسئلہ نادرا آفس کا موجود نہ ہونے کی وجہ سے عوام 20 سے 25 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے انھیں شناختی کارڈ بنوانے کے لیے صحبت پور جانا پڑتا لیکن وہاں جانے سے وہاں پر رش لگا رہتا ہے۔

شال بقیہ 69

خان اچکزئی نے کہا ہے کہ معاشرے میں کرپشن کے خاتمے کے لئے لیڈرشپ کا کردار بہت اہم ہوتا ہے ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کو بطور لیڈر اپنے محکمے میں کرپشن کے خاتمے میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر محکمہ اینٹی کرپشن خاران کے زیراہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول آدم آباد کے ہال میں منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن رخشان سرکل قمبر جمالدینی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کمشنر رخشان ڈویژن نے کہا کہ اگر کوئی اہلکار ایمانداری اور محنت سے جی چرائے گا تو یہ اس محکمے کے زوال کا سبب بنے گا اور پورے سسٹم میں خرابی پیدا ہوجائے گی۔

شال بقیہ 70

، مولانا جمال الدین حقانی، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا مفتی نیک محمد فاروقی، چوہدری محمد عاطف، میر فاروق لانگو، ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی، حاجی قاسم خان خلجی، مولانا محمد عارف شمشیر، ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ، حاجی عبداللہ سلیمانخیل، عبداللہ خان ناصر، حاجی صالح محمد، مولانا سردار محمد نورزئی، سالار حافظ مجیب الرحمن ملاخیل، حاجی صادق دین ایڈووکیٹ، مولانا مفتی ابوبکر، مولانا سید سعداللہ آغا، حافظ دوست محمد، حافظ رحمن گل نے پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ غریب عوام کے منہ سے نوالہ چھیننے کے مترادف ہے انڈے درجن 200 مرغی گوشت 350 تک پہنچ گیا ہے۔

شال بقیہ 71

سے استعفیٰ اپنی صوبائی قیادت کو بھجوا کر بلوچستان سے پی ڈی ایم کے رکن کی حیثیت سے استعفے کا آغاز کردیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ایم سی فارم میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا عبدالحمید عارف کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نے ملک بھر میں جو احتجاجی جلسوں کا آغاز کیا ہے۔

شال بقیہ 72

پاکستان، روحانی طلباء جماعت پاکستان، انجمن نونہال طاہریہ پاکستان، جماعت اصلاح المسلمین میڈیا ونگ کے تمام مرکزی، صوبائی، ضلعی اور برانچز کے عہدیداران وممبران و پاکستان کی تمام تنظیمات اہلسنت کے قائدین کی جانب سے ان کے وصال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 73

پیش رو حمید اللہ کو لاء آفیسر جیل خانہ جات تعینات کردیا گیا۔

درستگی نام

میں مسمی اختر جان نے زیر رول نمبر 725478 سالانہ 2018، کے تحت سیکنڈری سکول کا امتحان بلوچستان بورڈ کوئٹہ سے پاس کرچکا ہوں۔ میرا درست نام اختر جان ہے جبکہ سند پر میرا نام محمد اختر درج ہے جو کہ درست نہیں ہے لہذا میں اپنی سند محمد اختر سے اختر جان ترمیم کروانا چاہتا ہوں اگر کسی شخص و ادارے یا ایجنسی کو کوئی اعتراض ہو تو 15 یوم کے اندر سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلوچستان کو تحریری طور پر مطلع کریں۔

RO.NO51/20

NOTICE INVITING TEDNER

The Municipal Corporation Khuzdar, the Sealed tenders/ invited from Government Contractor/Companies/Firms for the following works. Detail are as under.

S#.	Name of scheme	E/cost
1	Construction of Sewerage Line at Mohala Hindu Kachhi Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179304**.	6.245 M
2	Laying of Tuff Tile at Mohala Hindu Kachhi Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179305**	7.102 M
3	Supply and Installation of Street Lights at Mohala Hindu Kachhi Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179306**	1.501 M
4	Construction of Sewerage Line at Mohala Hindu Kalati Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179307**	6.994 M
5	Laying of Tuff Tile at Mohala Hindu Kalati Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179308**	6.309 M
6	Supply and Installation of Street Lights at Mohala Hindu Kalati Brotheri Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179309**	1.547 M
7	Construction of Boundary Wall, Repair of Quarters, Construction of One No Room and Installation of Street Lights at Minority Mohala Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179316**.	4.950 M
8	Construction of Hall at Mohala Kalati (Mander) Khuzdar Municipal Corporation Area Khuzdar, **TSE179317**.	14.851 M

ELIGIBLITY: The Contractor must have registration with tax authority's i.e (NTN, sales tax & BRA Department) valid registration with Pakistan Engineering Council in category, who have deposited enlistment/renewal fee for year 2020-21. ***METHOD OF PROCUREMENT:-*** Single stage single envelope. ***BIDDING/TENDER DOCUMENTS:-*** Issuance Documents will be issued Office of the Municipal Corporation Khuzdar, from the date of advertisement published in newspapers on presentation of requisite documents i.e tender fee Rs.2000 each work through Green Challan under A/C No. 2847-6 will deposit in NBP Khuzdar (Nonrefundable). Bid security/earnest money 2% income tax certificate (NTN)etc submission of last date of submission of documents will be **29.12.2020** at 11.00 am.Opening the tender document will be opened on **29.12.2020** at 12.00 pm. ii. Solace of issuance, submission, inquirers and opening will be office of Municipal Corporation Khuzdar. ***Address:*** Office of the Municipal Corporation Khuzdar. ***Other terms and conditions are attached with tender documents:-***

Chief Officer,
Municipal Corporation Khuzdar.

AB No.244/09.12.2020

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta

4

10 دسمبر 2020ء

روزنامہ شال کوئٹہ

خواتین کسی بھی شعبے میں ترقی کیلئے ناگزیر ہے، بشریٰ رند

آج کی خواتین زندگی کے ہر شعبے میں سب کے ساتھ شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں

حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں خواتین کے مثبت کردار سے باخوبی آگاہ ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

لورالائی کرپشن ڈے کے حوالے سے واک کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر بوری عطاء المنعم بلوچ کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ خواتین کسی بھی معاشرے میں ترقی کیلئے ناگزیر ہے آج کی خواتین زندگی کے ہر شعبے میں سب کے ساتھ شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں۔ خواتین جو کہ آبادی کا 50 فی صد سے زائد حصہ پر مشتمل ہیں اور کسی بھی طور پر ان کی شمولیت کو نظر انداز کرنا ناممکن ہیں۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ترقی کی منازل جلد اور اپنے وقت پر حاصل کریں تو خواتین کو ہر شعبہ زندگی میں شامل کرنا ہوگا۔ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں خواتین کے مثبت کردار سے باخوبی آگاہ ہے، اور خواتین کی فلاح و بہبود اور ان کی شمولیت کو یقینی بنانے کیلئے تمام اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ آج سے خواتین کے کردار کے حوالے سے آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔ ہم سب پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ خواتین کی بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

کرپشن معاشرے کا ایک سنگین مسئلہ ہے، ڈی آئی جی نصیر آباد

کرپشن کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے حقوق و فرائض سے آگاہی بھی ضروری ہے

معاشرے کے ہر فرد خصوصاً تعلیم یافتہ نوجوانوں کو کرپشن کی نشاندہی کر کے اس کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شباب عظیم لہڑی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ کرپشن معاشرے کا ایک سنگین مسئلہ ہے یہ وہ برا عمل ہے جو نہ صرف ملک وقوم کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیتا ہے بلکہ معاشرے میں عزت و وقار سے جینے کا حق بھی چھین لیتا ہے ہمیں بدعنوان عناصر کو کٹہرے تک لانا ہے خواہ اس کا تعلق کسی بھی طبقے سے کیوں نہ ہو کرپشن کو بے نقاب کر کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے کرپشن کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے حقوق و فرائض سے آگاہی بھی ضروری بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

موٹر سائیکل اور موبائل فون کی ڈکیتی واقع کے خلاف احتجاج مظاہرین نے سڑک بلاک کردی

گرمی خیرو (نامہ نگار) گرمی خیرو احساس کفالت سینٹر کے ایجنٹ سے دن دہاڑے 12 لاکھ روپے، موٹر سائیکل اور موبائل فون کی ڈکیتی واقع کے خلاف احتجاج مظاہرین نے سڑک بلاک کر دی تفصیلات کے مطابق۔ بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

جعلی بینک اکاؤنٹس کیس چیئرمین نیب سے ملزمان کی عدم گرفتاری کی وجوہات طلب

نیب سے ملزمان کی گرفتاری کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلی رپورٹ بھی مانگ لی، پیر تک نیب کو تفصیلی رپورٹ جمع کرانے کا حکم

ڈاکٹر ڈنشا 20 ماہ سے جیل میں ہے ابھی تک چارج بھی فریم نہیں ہوا۔ ہم نیب تحقیقات کی شفافیت پر بات کر رہے ہیں' جسٹس عمر عطاء بندیال

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے جعلی بینک اکاؤنٹس کیس میں ڈاکٹر ڈنشا اور قبیل بلوچ کی ضمانت کی درخواستوں پر چیئرمین نیب سے ملزمان کی عدم گرفتاری کی وجوہات طلب کر لیں۔ جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ پراسیکیوٹر جنرل نیب چیئرمین نیب سے وجوہات پوچھ کر عدالت کو آگاہ کریں، عدالت نے کہا کہ نیب وضاحت کرے کہ ملزمان کی گرفتاری میں بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

زیارت ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) عمیر اللہ بادینی ترقی پانے والے لیویز رسالدار عمران دمڑ کو ترقی کا رینک لگا رہے ہیں

ڈاکٹر عافیہ صدیقی سے اظہار یکجہتی کیلئے ہائیکورٹ بار کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) امریکی عدالت کی طرف سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال کی سزا سنائے جانے کے فیصلہ کے خلاف اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے جنرل ہاؤس کا اجلاس آج (جمعرات) صبح 11:00 بجے دن کراچی ہال میں منعقد ہوگا۔

نواں کلی اتحادی کمیٹی نے معذور نوجوان شاعر کو مفت علاج فراہم کرنے کا اعلان کردیا

کوئٹہ (آن لائن) نواں کلی اتحادی کمیٹی نے معذور نوجوان شاعر کو مفت علاج فراہم کرنے کا اعلان کردیا گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں نوجوان شاعر عبدالمطلب قلم یار کو دکھایا گیا تھا جو ایک پاؤں سے معذور تھا اور اس نے کہا اگر بروقت اس کا علاج نہ ہوا تو وہ دوسرے پاؤں سے بھی معذور ہو جائے گا جس پر نواں کلی اتحادی کمیٹی کے ارکان نے اس کے بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

آج ہم سب مل کر عہد کریں کہ نہ تو بذات خود بدعنوانی کا حصہ بنیں گے، سلطان احمد شاہوانی

انسداد بدعنوانی کا یہ دن ہمیں ہر سال بدعنوانی کے سنگین نقصانات کی یاد دہانی کراتا ہے

خضدار (خ ن) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان آصف بلال کمشنر قلات ڈویژن مڑ وحید ملک ڈپٹی کمشنر خضدار روئی محمد بزنجو ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن خضدار فرید کلی اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان خضدار سلطان احمد شاہوانی نے انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم سب مل کر عہد کریں کہ نہ تو بذات خود بدعنوانی کا حصہ بنیں گے، اور نہ ہی کسی کو اس بابت اجازت دیں گے کہ وہ قومی خزانے کو نقصان پہنچا کر اپنا ذاتی مفادات حاصل کرے ذاتی مفاد کو قومی مفاد پر ترجیح دینے کا رجحان معاشرے میں انتشار اور بے چینی پھیلانے کی بنیادی وجہ بنتا بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

ناصر آباد کے علاقے میں دو گروہوں کے درمیان لڑائی جھگڑے کے دوران ڈنڈوں کے وار سے تین افراد زخمی ہوگئے

دکی (آن لائن) ناصر آباد کے علاقے میں دو گروہوں کے درمیان لڑائی جھگڑے کے دوران ڈنڈوں کے وار سے تین افراد زخمی ہوگئے زخمیوں میں محمد امین، محمد یاسین، شاہ کبیر شامل ہیں پولیس کے مطابق زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقع بالغوں پر کوکے کا تنازعہ ہے۔

کرپشن سے نجات پانے کے لئے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا، جاوید ڈوکی

کرپشن اس وقت ناسور کی طرح پھیل چکی ہے اس ناسور سے بچنے کے لیے عوام میں شعور و آگاہی دینا ہے

چاغی (آن لائن) کرپشن ہمارے معاشی نظام کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے اسسٹنٹ کمشنر جاوید ڈوکی تفصیلات کے مطابق پی آر ایس پی کی تعاون سے کرپشن کے عالمی دن کے موقع پر تقریب منعقد ہوئی تقریب سے اسسٹنٹ کمشنر جاوید ڈوکی، سوشل آرگنائزر پی آر ایس پی چاغی سمیع اللہ، این پی ضلع آرگنائزر عاطف بلوچ، جنرل سیکرٹری دالبندین پریس کلب حاجی فاروق بیاوباو، سابق صدر پریس کلب علی رضا رند و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کرپشن سے نجات پانے کے لئے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا کرپشن اس وقت ناسور کی طرح پھیل چکی ہے اس ناسور سے بچنے کے لیے عوام میں شعور و بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

بدعنوانی کے خاتمے کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، ڈاکٹر یاسر خان بازئی

بدعنوانی جیسے ناسور کی روک تھام کے لیے آگاہی مہم کے ساتھ ساتھ عملی اقدامات بھی کرنے ہوں گے

سبی (خ ن) انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر سبی میں شہریوں، سول سوسائٹی کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کی جبکہ ان کے ہمراہ اے ایس پی زاہد ارسلان ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر فضل قریشی چیف آفیسر اسلم لطاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عبدالحمید ابڑو، و دیگر شریک تھے۔ ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر کرپشن کے خلاف نعرے درج تھے ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

تمام یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز مہم کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں، قربان علی مگسی

پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر قربان علی مگسی کی زیر صدارت این آئی ڈی کمپئین کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے ڈپٹی کمشنر بارکھان قربان علی مگسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز مہم کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں انہوں نے کہا کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے لائن ڈپارٹمنٹ آفیسرز کی عدم بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

کسی بھی ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی اس بات پر منحصر ہے، فیاض علی

اگر ہم قرآن پاک کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں تو ہم ان تمام بدعنوانوں سے بچ سکتے ہیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا کہ کسی بھی ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی اس بات پر منحصر ہے۔ کہ وہ قوم کتنی ایماندار اپنے معاملات میں پاک صاف اور بدعنوانی سے دور ہے۔ کیونکہ جب بدعنوانی نہیں ہوگی تو انصاف پر مبنی معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے محکمہ اینٹی کرپشن کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار اور واک کے موقع پر کیا واک ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئے لوکل گورنمنٹ حال بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

مسافروں کو تحصیل سنی کے علاقے میں دوسری مرتبہ لوٹنے کے واردات کی پرزور الفاظ میں مذمت

گنداواہ (نامہ نگار) پیپلز پارٹی ضلع جھل مگسی کے صدر ملک محمد سیف لاشاری نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کوئٹہ سے گنداواہ آنے والی مسافروں کو تحصیل سنی کے علاقے میں دوسری مرتبہ لوٹنے کے واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں انتظامیہ امن امان بحال کرنے بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

نیب کی جانب سے بلوچ بیوروکریسی کو ہراساں کرنا لمحہ فکریہ ہے، شکور مری

بیوروکریسی میں پکڑ دھکڑ کا عمل ترقیاتی منصوبوں کو جمود کا شکار بنا سکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات شکور مری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ نیب کی جانب سے بلوچ بیوروکریسی کو ہراساں کرنا لمحہ فکریہ ہے جس کی واضح مثال محکمہ صحت میں بدعنوانی کے اصل مرتکب افراد کو پکڑنے کی بجائے سابق ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر شاکر بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

پاکستان کو مسائلستان بنانے میں کرپشن کا سب سے بڑا کردار ہے' ڈاکٹر سعید اعوان

پاکستان میں کرپشن کا ناسور عروج پر ہے۔ ایک پٹے والے سے لیکر اعلی افسر تک اس کے ثمرات پائے جاتے ہیں

روہڑی (نامہ نگار) تنظیم پاکستانی کے سربراہ ڈاکٹر سعید اعوان نے اینٹی کرپشن کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ پاکستان کو مسائلستان بنانے میں کرپشن کا سب سے بڑا کردار ہے۔ پاکستان میں کرپشن کا ناسور عروج پر ہے۔ ایک پٹے والے سے لیکر اعلی افسر تک اس کے ثمرات پائے جاتے بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون ایمبولینس سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

نقل معاشرے کیلئے ناسور ہے جو نئی نسلوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، ڈپٹی کمشنر سبی

کمرہ امتحان میں بیٹھے معصوم بچوں کے مستقبل کو تباہ کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دیں گے

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر خان بازئی نے کہا ہے کہ نقل معاشرے کیلئے ناسور ہے جو نئی نسلوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، امتحانی سینٹروں میں نقل کی روک تھام کے لیے سینٹروں کے 400 گز کی حدود میں کسی بھی مشکوک افراد کے داخلے کو ممنوعہ قرار دیا گیا ہے، پولیس اور پریس کے تعاون سے نقل جیسے ناسور پر کنٹرول کیا جا رہا ہے، کمرہ امتحان میں بیٹھے معصوم بچوں کے مستقبل کو تباہ کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج سبی میں ہونے بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں کمی نہ آسکی

عوامی حلقوں کا علاقے میں بدامنی کی واقعات پر سخت تشویش کا اظہار

سوراب (آن لائن) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں کمی نہ آسکی، انتظامیہ امن وامان قائم کرنے میں ناکام، گزشتہ شب مسلح رہزنوں کا قومی آر سی ڈی شاہراہ پر واقع پیٹرول پمپ پر دھاوا ڈکیتی کی کوشش میں مزاحمت پر فائرنگ کے نتیجے میں محمد ابراہیم اچکزئی نامی شخص شدید زخمی، ملزمان بآسانی فرار، عوامی حلقوں کا علاقے میں بدامنی کی واقعات پر سخت تشویش کا اظہار، امن وامان کے بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے سوشل ایکٹویسٹ بشیر احمد کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ایک نمائندہ وفد کا جامعہ بلوچستان کا دورہ

ایگریمنٹ کے تحت پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ٹریننگ اور ورکشاپ کا افتتاح کریں گے

کوئٹہ (خ ن) پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ایک نمائندہ وفد نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا اور جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر مسعود تاج، ڈاکٹر وحید نور، رجسٹرار ولی الرحمان، بلوچستان کے صوبائی محکمہ آئی ٹی کے ڈائریکٹر کمشنر جاوید احمد اور دیگر موجود تھے۔ اور اس حوالے سے باقاعدہ طور پر ایک ایگریمنٹ پر دستخط بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کے ڈویژنل بینچ نے ایس پی دکی شیر علی ہزارہ کیس کی سماعت کی

دکی (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے ڈویژنل بینچ نے ایس پی دکی شیر علی ہزارہ کیس کی سماعت کی۔ کیس کی سماعت جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس ظہیر کاکڑ نے کی۔ درخواست گزاروں ایس پی شیر علی ہزارہ اور ظہور احمد مری کی جانب بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

صفائی اور ملازمین کی غیر حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ

ہسپتال کو فعال بنانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرونگا، حبیب احمد ہنگرزئی

ژوب (خ ن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے اچانک سول ہسپتال پر چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران چھ ملازمین غیر حاضر پائے گئے جس پر ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے انہیں ملازمت سے معطل کرنے کے احکامات جاری کئے۔ اس دوران انہوں نے ڈاکٹروں کی حاضریاں چیک کی اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی نے انہیں سول ہسپتال کے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے سول ہسپتال میں صفائی کی ابتر صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے ہسپتال کی صفائی یقینی بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ صفائی اور ملازمین کی غیر حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو فعال بنانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرونگا۔ بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

نہ فیس، نہ وکیل، انصاف بلا معاوضہ دہلیز پر، دو سال سے بند جی پی فنڈ کی بحالی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق مسمی رحمت اللہ جو کہ ایف سی میں ملازم تھا اور ریٹائرمنٹ کے بعد عرصہ دو سال سے محکمہ اے جی آر میں اپنے جی پی فنڈ کے لئے چکر لگا رہا ہے لیکن اس کی داد رسی نہ ہوسکی۔ مسمی رحمت اللہ نے دو سال تک اپنے جی پی فنڈ کے لئے کوشش کی مگر کچھ حاصل نہ ہوسکا آخر کار مسمی رحمت اللہ نے اپنی ساری بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

کوشش ہے صحت، تعلیم اور روڈوں پر سب سے زیادہ توجہ دی جائے، مسعود لونی

ضلع دکی کیلئے منظور ہونے والے مختلف ترقیاتی سکیمات کے ٹینڈرز نوٹس جاری ہو چکے ہیں

اپنے حلقے کیلئے ترقیاتی کام کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں بہت جلد بڑے بڑے ترقیاتی منصوبوں کا بھی ٹینڈر ہو جائے گا' میڈیا سے بات چیت

دکی (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات سردار مسعود علی خان لونی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع دکی کیلئے منظور ہونے والے مختلف ترقیاتی سکیمات کے ٹینڈرز نوٹس جاری ہو چکے ہیں، ان ترقیاتی سکیمات میں کوہلو روڈ سے برا اور ترکئی مائنز ایریا روڈ کی تعمیر، کلی محبوب کلی مانڑی فلک شیر کلی دیوانہ سے کلی ہمایوں کے لنک روڈ کی تعمیر، کلی پائندہ خان ہمر روڈ کی تعمیر، حاجی ناڑنے علاوہ اور کلی نیاز محمد کے گورنمنٹ پرائمری سکول کی بلڈنگ کی تعمیر، گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کلی حسن خان ساگوزئی کی نئی بلڈنگ کی تعمیر، گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کلی ورتی رحمت کے 3 کمروں، چار دیواری کی تعمیر کلی بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سبی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر یاسر خان بازئی اینٹی کرپشن ڈے کے حوالے سے نکالی جانے والی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی چھٹی برسی 16 دسمبر کو منائی جائے گی

جہانیاں (این این آئی) آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی چھٹی برسی 16 دسمبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر کے تعلیمی اداروں، سیاسی و سماجی تنظیموں، سول سوسائٹی، این جی اوز اور تعلیمی اداروں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں شہداء پشاور بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

لیویز کے پوسٹوں اور مختلف محکموں کے پوسٹوں پر بولی لگائی جا رہی ہے جو انصاف کے خلاف ہے، مفتی ابوبکر

ضلع قلات میں پوسٹوں کی بندر بانٹ ہو رہی ہے یہ عوامی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے

منگچر (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام منگچر کے صدر مفتی ابوبکر نے کہا ہے کہ ضلع قلات میں تواتر کے ساتھ مختلف ادوار میں مختلف محکموں کے آسامیوں پر سیاسی سفارش، اقربا پروری اور تعلق کی بنیاد پر آسامیوں کو بندر بانٹ کر کے تعیناتیاں عمل میں لائی جاری اور حالیہ دنوں میں محکمہ ایجوکیشن میں نان ٹیچنگ آسامیوں پر من پسند افراد کو تعینات کر کے میرٹ کی دھجیاں اڑادی گئی عدالت عالیہ نوٹس لے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگچر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

سی آئی اے پولیس ساکران کی کارروائی منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد مقدمہ درج

حب (این این آئی) ایس ایس پی لسبیلہ طارق الٰہی مستوئی کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی CIA منور شیخ کی نگرانی میں انچارج سی آئی اے ساکران نور الاسلام نے سی آئی اے پولیس پارٹی کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

وزارت داخلہ کی جانب سے صوبوں کو مراسلے بھیجنا بدنیتی پر مبنی ہے، مفتی سید محمد آغا

انصار الاسلام کیر ضا کاروں پر اعتراض کرنا ملکی آئین پر اعتراض کرنے کے مترادف ہے

سراجان (آن لائن) انصار الاسلام کے کارکنوں پر پابندی لگانا ملک دشمنی ہے یہ بات جمعیت تحصیل سراجان کے امیر مفتی سید محمد آغا جنرل سیکرٹری مولوی سید نجیب اللہ مولوی محمد رفیق سابق چیئرمین مولوی محمد صادق ملک نظام الدین حاجی حبیب اللہ حاجی اشرف حاجی حضرت علی آغا مولوی سید نیاز محمد آغا حافظ عطاء اللہ بلادرین آغا عبدالغفور مولوی محمد شفیع حاجی نعمت اللہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی تربت بلیدہ روڈ شاہراہ کے ترقیاتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

تحصیل مانجھی پور میں نادرا آفس کا عدم قیام، شناختی کارڈ بنوانے میں انتہائی مشکلات درپیش

20 سے 25 کلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے صحبت پور جانا پڑتا ہے، عوامی حلقے

مانجھی پور (نامہ نگار) تحصیل مانجھی پور میں نادرا آفس کا عدم قیام جس کی وجہ سے شناختی کارڈ بنوانے میں انتہائی مشکلات درپیش، 20 سے 25 کلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے صحبت پور جانا پڑتا ہے، مذکورہ مسئلے پر توجہ دیکر نادرا آفس کا قیام عمل میں لایا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ رپورٹ کے بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

نان ٹیچنگ اسٹاف کے پوسٹوں کے بندر بانٹ پر خاموش نہیں بیٹھیں گے فضل اللہ عمرانی

منگچر (نامہ نگار) نان ٹیچنگ اسٹاف کے پوسٹوں کے بندر بانٹ پر خاموش نہیں بیٹھیں گے فضل اللہ عمرانی باپ حکومت نے بلوچستان میں میرٹ کا بیڑہ غرق کر دیا ہے اسرار احمد بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

جلسہ روکا گیا تو ہمارے دو اور تیسرا راستہ موجود، جو کسی کو نہیں بتائیں گے، فضل الرحمن

اسٹیبلشمنٹ ناجائز حکومت کی محافظ بنی ہوئی ہے، کس طرح نظام کو جمہوری نظام کہہ سکتے ہیں؟ مولانا فضل الرحمن

ان میں استعفوں کا تذکرہ ہوتا رہے گا، پی ڈی ایم کے سربراہ کی بلاول بھٹو زرداری اور مریم نواز شریف سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ ناجائز حکومت کی محافظ بنی ہوئی ہے، کس طرح آپ نظام کو جمہوری نظام کہہ سکتے ہیں، موجودہ اسمبلیوں کے ذریعے سینیٹ کے اگلے مرحلے کیلئے الیکشن ہوتے ہیں تو وہ بھی جعلی ہوں گے، اس حوالے سے استعفٰی بنا رہے ہیں، آئینی ماہرین سے بھی مشاورت کریں گے، حکومت نے بیٹا ر پاکستان کو ڈیم بنا دیا ہے، جلسہ روکا گیا تو ہمارے بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

لسبیلہ لسبیلہ پولیس کی جانب سے کرونا وائرس کے پیش نظر لوگوں میں آگاہی مہم شروع کر دی گئی ہے

اپوزیشن اتحاد قدم سے قدم ملا کر نہیں چل رہا، نواز، مریم اور فضل الرحمان زبردستی گھسیٹ رہے ہیں' ہمایوں اختر

پی ڈی ایم اتحاد صرف جلسوں تک محدود ہے، آئندہ بھی حکومت بنا کر ترقی کا سفر جاری رکھیں گے سینئر مرکزی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ نواز شریف اور مریم صفدر صرف اپنی اہمیت ظاہر کرنے کیلئے ملک کی سیاست میں انتشار اور فساد برپا کرنا چاہتے ہیں، وزیراعظم عمران خان نے واضح کہہ دیا ہے کہ آپ اسمبلیوں سے مستعفی ہوں ہم الیکشن کمیشن سے ضمنی انتخابات کرانے کی درخواست کریں گے، اپوزیشن صرف بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

معاشرے میں کرپشن کے خاتمے کے لئے لیڈرشپ کا کردار بہت اہم ہوتا ہے، سعید احمد عمرانی

ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کو بطور لیڈر اپنے محکمے میں کرپشن کے خاتمے میں کردار ادا کرنا ہوگا

خاران (این این آئی) ڈائریکٹوریٹ آف اکاؤنٹبلٹی اینڈ اینٹی کرپشن اسسٹنٹ سرکل آفس خاران کے زیر اہتمام اینٹی کرپشن ڈے کے حوالے سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول آئے آباد میں سیمینار منعقد ہوا سیمینار میں تمام سرکاری محکموں کے ہیڈ آفیسران، وکلاء، برادری صحافی حضرات اور علاقائی معتبرین نے شرکت کی رخشان ڈویژن سعید احمد عمرانی اور ڈپٹی کمشنر عبدالسلام بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

حکومت نے عوام کو روزگار اور کاروبار سے محروم کرنے کے علاوہ زندگی گزارنے کے مواقع بھی چھین لئے

اب پاکستان اور عوام کی فلاح اسی میں ہے کہ وہ اس سے نجات کیلئے پی ڈی ایم کا ساتھ دیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، صوبائی جوائنٹ سیکرٹری سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ مسعود احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، مولانا مفتی عبدالغفور مدنی، مفتی عبدالسلام ریکسانی، حاجی محمد شاہ لالا، حاجی ولی محمد بڑیچ، حافظ سراج الدین، ظفر اللہ کاکڑ، مفتی رحمت اللہ، حافظ خلیل احمد سارنگزئی بقیہ نمبر70 صفحہ 3 پر

ملک میں لاقانونیت، کرپشن اور بے روزگاری عروج پر پہنچ چکی ہے، لکھی شام لعل لاسی

جام کمال خان کا اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو یکساں فنڈز کی فراہمی کا دعویٰ بے بنیاد ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام کے اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی لکھی شام لعل لاسی نے کہا ہے کہ ملک میں لاقانونیت، کرپشن اور بے روزگاری عروج پر پہنچ چکی ہے مرکزی اور صوبائی حکومتیں ناکام ہو چکی ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو یکساں فنڈز کی فراہمی کا دعویٰ بے بنیاد ہے اپنے قائد اور پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے حکم پر صوبائی اسمبلی کی نشست بقیہ نمبر71 صفحہ 3 پر

استعفوں کی دھمکی خود پی ڈی ایم کو مہنگی پڑے گی' ترجمان پنجاب حکومت

اپوزیشن جماعتوں کی لیڈرشپ اپنی سیاست اور انکے ممبرز اسمبلی رکنیت بچانے کی جنگ لڑ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت، چیئرمین لاہور ٹرانسپورٹ کمپنی ڈاکٹر شاہد صدیق نے کہا ہے کہ استعفوں کی دھمکی خود پی ڈی ایم کو مہنگی پڑے گی، اپوزیشن جماعتوں کی لیڈرشپ اپنی سیاست اور ان کے ممبر اپنی اسمبلی رکنیت بچانے کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ضمنی انتخابات کی صورت میں اپوزیشن کی سیاست کا مکمل خاتمہ ہو جائیگا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کی لیڈرشپ زبردستی ممبران اسمبلی سے استعفیٰ مانگ رہی ہے جبکہ ممبران پارلیمنٹ کسی صورت استعفیٰ دینے کو تیار نہیں بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

آشیانہ اقبال ریفرنس پر سماعت 15 دسمبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے آشیانہ اقبال ریفرنس پر سماعت 15 دسمبر تک ملتوی کردی۔ احتساب عدالت کے جج امجد نذیر چوہدری نے کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے نیب کے گواہ کو آئندہ سماعت پر دوبارہ طلب کرتے ہوئے ریکارڈ کے ساتھ پیش ہونے کا حکم دیدیا۔ دوران بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر سکھر رانا عدیل تصور سندھ صوبے میں بدعنوانی کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری ہے

روہڑی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ آف اینٹی کرپشن سکھر میں انسداد عالمی دن کے موقع پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ انسداد بدعنوانی کی جانب سے آگاہی واک ہر قسم کی بدعنوانی کے خاتمے کے لیے سب کو عہد کرنا ہوگا۔ کمشنر سکھر ڈویژن شفیق احمد مہیسر کرپشن کو سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر راستہ روک کرنی ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر سکھر رانا عدیل تصور سندھ صوبے میں بدعنوانی کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری ہے، معاشرتی سطح پر تمام طبقات ساتھ دیں۔ ڈپٹی بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

خان صاحب گھبرانا نہیں، اب آپ کا حقیقی احتساب ہونا ہے، نیئر حسین بخاری

پی ڈی ایم صرف اور صرف جمہوری کی حمایت اور طاقت پر یقین رکھتی ہے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

نیا سال آئین کی بالادستی جمہوری آزادیوں اور پارلیمنٹ کے وقار کی نوید ثابت ہوگا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیئر بخاری نے کہا ہے کہ خان صاحب گھبرانا نہیں، اب آپ کا حقیقی احتساب ہونا ہے اب پورا پورا حساب دینا ہے، اور جیل اب آپ کا ٹھکانہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم صرف اور صرف جمہوری کی حمایت اور طاقت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران حکومت میں شامل بیرونی مالی مددگاروں اور حکومتی معاونین کو ہر کوئی خوب پہچانتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خان صاحب پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس سماعت میں بار بار درخواست التواء بیرونی بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

لوگوں کے جذبات مجروح کرنے والے اقدامات سے گریز کیا جائے، نورالحق قادری

یہ امن کی نیک خواہش کا اظہار، امن کا پیغام اور ساری انسانیت کیلئے سلامتی کا بیانیہ ہے

کسی کو مذاہب اور مذہبی مقدسات کو آزادی اظہار رائے کے نام پر پامال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے کہا ہے کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جس سے دنیا کے اربوں لوگوں کے جذبات مجروح ہوں، ہم آزادی اظہار رائے کا احترام کرتے ہیں تاہم کسی کو مذاہب اور مذہبی مقدسات کو آزادی اظہار رائے کے نام پر پامال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے جو کسی ایجنڈے کے تحت ایسی ناپاک جسارت کر رہے ہیں اس بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

اصلاح المسلمین سندھ کے سابق فنانس سیکریٹری محمد اسماعیل چنہ طاہری کا رضائے الٰہی سے انتقال ہوگیا

روہڑی (نامہ نگار) سلسلہ نقشبندیہ طاہریہ کے سالار خواجہ محمد طاہر المعروف گجن سائیں کے پیارے خلیفہ و جماعت اصلاح المسلمین سندھ کے سابق فنانس سیکریٹری محمد اسماعیل چنہ طاہری کا رضائے الٰہی سے انتقال ہوگیا ہے۔ مرحوم کے انتقال پر جماعت اصلاح المسلمین پاکستان، جمعیت علماء طاہریہ بقیہ نمبر72 صفحہ 3 پر

محکمہ جیل خانہ جات میں تقرریاں و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ جیل خانہ جات میں تقرریاں و تبادلے، بدھ کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق نوید الیاس کو سپرنٹنڈنٹ مچھ جیل، جنگ الگے بقیہ نمبر73 صفحہ 3 پر

[illegible]